

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

السلام علیکم!!!

ہماری ویب سائٹ پر شائع ہونے والے تمام ناولز اور مواد مصنفہ / مصنف کے نام اور ٹائٹل سے محفوظ ہیں۔

ان تحریر کے رائٹس کریزی فینز آف ناول اور مصنفہ / مصنف کے پاس محفوظ ہیں بغیر اجازت کوئی بھی شخص ان تمام ناولز مواد کی نقل نہیں کر سکتا۔

نقل شدہ مواد پکڑے جانے کی صورت میں متعلقہ فرد، بلاگ یا ویب سائیٹ کو در پیش آنے والے مسائل کا وہ خود ذمہ دار ہو گا۔

نوٹ:

ہمیں اپنی ویب سائٹ کریزی فینز اوف ناول کے لئے لکھاریوں کی ضرورت ہے اگر آپ ہماری ویب سائٹ پہ اپنے ناول، افسانے، کالم، آرٹیکل اور شاعری شائع کروانا چاہتے ہیں تو اردو میں ٹائپ کر کے مندرجہ ذیل زریع کو استعمال کرتے ہوئے ہمیں بھیج سکتے ہیں۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL

انشاءاللہ آپ کی تحریر دو دن کے اندر ویب سائٹ پر شائع کر دی جائے گی۔

تفصیلات کے لیے ان رابطوں کا انتخاب کیجیے۔

Email : crazyfansofnovel@gmail.com

Facebook Page : fb.me/CrazyFansOfNovel

Facebook Group : https://web.facebook.com/groups/292572831468911/

Website Url : https://crazyfansofnovel.com

شکریہ

انتظامیہ کریزی فینز آف ناول!!!!!!

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL

لکھاری کی آواز

گناہ تو نہیں ہے محبت کرنا

پھر اہلِ دنیا ستم یہ ہے کیسا؟

محبت محبت جو کیے جا رہے ہیں

انہی کے بدن پر یہ خنجر ہے کیسا؟

یہ حقیقت اب کسی سے بھی نہیں چھپی کہ محبت کسی کو بھی ملا کرتی۔" جانے وہ کیسے لوگ تھے جن کے پیار کو پیار ملا"۔ ہمیشہ ہی ایسا ہوتا ہے محبت کرنے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

والوں کا دشمن سارا زمانہ ہو جاتا ہے مگر پھر بھی محبت کرنے والے ایک دوسرے سے اپنی محبت ختم نہیں کرتے۔

کیونکہ محبت میں وصل شرط نہیں ہوتا محبت کرنے والے ایک دوسرے دور رہ کر بھی محبت کر سکتے ہیں۔ وہ ایک دوسرے پر جان لٹا کر اپنی محبت ثابت کر جاتے ہیں۔ ایک ایسی داستان جس میں محبت کرنے والوں کو ایک عبرتناک انجام کا سامنا کرنا پڑا۔ اس کا پسِ منظر تھوڑا پرانا ہے مگر کہانی میں جدت ہے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

باب اول

محبت کے مارے ہوئے لوگ

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کون ہیں لوگ یہ زخم کھائے ہوئے

دل کی میت کو سر پہ اُٹھائے ہوئے

آرزویں کہاں بیچ کر آئے ہیں

آج آئے ہیں پُوچھو یہ کیا لائے ہیں

اِک محبت سے یہ نہ سنبھالے گئے

اِک محبت نہ اِن سے سنبھالی گئی

زندگی بس اُمیدوں بھری جیب تھی

جیسے خالی ملی ویسے خالی گئی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیا ملا ہے محبت کے بازار سے

آج پھرتے ہو دل کو نقد ہار کے

یہ محبت ہی دشمن کی اِک چال ہے

عشق تو لال ہے _____ عشق تو لال ہے

دل کی رگ رگ سے ہے ٹپکا ہوا ہے لہو

جب کہا تھا محبت گناہ تو نہیں

پھر گناہ کے برابر سزا کیوں ملی

زخم دیتے ہو کہتے ہو سیتے رہو

جان لے کر کہو گے کہ جیتے رہو

پیار جب جب زمیں پہ اُتارا گیا

زندگی تجھ کو صدقے میں وارا گیا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پیار زندہ رہا مقتلوں میں مگر

پیار جس نے کیا ہے وُہ مارا گیا

حد یہی ہے تو حد سے گزر جائیں گے

عشق چاہے گا چُپ چاپ مر جائیں گے

یہ محبت میں نکلی ہوئی فال ہے

عشق تو لال ہے _____ عشق تو لال ہے

(اشعار از خلیل الرحمان قمر)

گھوڑوں پر سوار کچھ گھڑ سوار نقاب کیے ویران جنگل میں سے گزر رہے تھے ارد گرد بیابان وویران جنگل سائیں سائیں کر رہا تھا اور تا حد نظر تک نہ کوئی آدم زاد دکھائی دے رہا نہ ہی کوئی اور مخلوق۔ جنگل کی اجڑی ہوئی حالت تھی سارے درخت بھی خزاں کے باعث ویران ہوئے پڑے تھے۔ان درختوں پر جن پر کبھی پرندے اپنی دلفریب بولیاں بولا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کرتے اور اپنی چہچہاہٹ سے مسافروں اور راہگیروں کے دلوں کو لبھاتے وہ اب یہ جنگل چھوڑ کر کہیں دور بسیرا کر گئے تھے۔ گھڑ سوار خشک درختوں کے بیچ سے تیز رفتاری سے گزر رہے تھے ہوا کے دوش پر ان کے چہروں کے نقاب لہرا رہے تھے۔ ان کے بدن پر بہترین جنگی لباس تھا۔ تیر دان اور تلوار کمر پر موجود تھے۔ یہ سات گھڑ سوار تھے۔

اچانک ایک جگہ یہ گھڑ سوار ستانے کے لیے رک گئے اور درخت کے نیچے پناہ لینے چلے گئے مگر خزاں کے باعث درخت کی اپنی حالت ابتر ہو گئی تھی وہ درخت جو خود اپنے پتے کھو چکا تھا وہ دوسروں کو کیا پناہ دے گا۔ ہم انسان بھی بڑے بیوقوف ہیں اپنی عادت سے پھرنا ہمارے لیے بہت مشکل ہوتا ہے خزاں رسیدہ بدحال درخت ہمیں کچھ بھی نہیں دے سکتا پھر بھی مسافر آسرا لینے اس کے پاس چلے جاتے ہیں۔ دراصل عادت بن چکی ہوتی ہے نا مسافروں کی کہ درخت سے پناہ ملے گی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ گھڑ سوار اپنے گھوڑے درخت کے ساتھ باندھ کر زمین پر بیٹھ گئے۔ایک نے گھوڑے سے کھانے پینے کی کچھ اشیاء نکالیں اور دوسرے نے زمیں پر کپڑا بچھایا پھر سب بیٹھ کر کھانا کھانے لگے۔ کھانے میں کچھ میوہ جات تھے، پانی اور مٹر کی پھلیاں۔

کھانا کھاتے ہوئے وہ آپس میں کچھ کھسر پھسر کرنے لگے

" مجھے لگتا ہے اب حضور کو ہار مان لینی چاہیے اور فیصلہ اللہ پر چھوڑ دینا چاہیے"

ان گھڑ سواروں میں سے ایک نے کہا

" بالکل صحیح کہا ایک سال ہونے کو ہے اور ابھی تک ہم اپنے مقصد کو نہیں پا سکے"

ایک اور نے کیلے کا چھلکا اتارتے ہوئے کہا

" یہ تیسرا دستہ ہے ہمارا جو اسے کھوج رہا ہے"

ایک تیسرے نے کہا

" مجھے تو لگتا ہے وہ مر چکا ہے اس لیے حضور کو اس کی تلاش چھوڑ دینی چاہیے"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ایک اور نے اپنی رائے دی

"امید پر دنیا قائم ہے ہم انسان امیدوں کے گلزار سنوارتے رہتے ہیں کہ کبھی ان امیدوں کے گلشن بھی باد بہاراں سے مزین ہوں گے یہاں تتلیاں مہکیں گی یہاں کوئل چہکیں گی یہاں مور ناچیں گے اور سرخاب اڑیں گے مگر خزاں کا سیلاب آتا ہے اور سارے گلشن کو ویران کر کے خود میں ڈبو کر لے جاتا ہے دیکھو اس جنگل کو "

ان میں سے ہی ایک اپنے باقی ساتھیوں سے مخاطب تھا یہ شاید ان کا سالار تھا

اس نے جنگل کی طرف اشارہ کیا

"ایسے مرجھا جاتا ہے پھر گلزار آس۔امیدوں کے وہ ننھے کونپل جو ابھی کھلنے تھے وہ اپنے لہو سے اسے گلشن کو سیراب کر دیتے ہیں بس ایسی ہے زندگی

مگر انسان پھر سے نئی امیدیں پالنے لگتا ہے

جوان بیٹے کی جدائی ہے بادشاہ نہیں برداشت کر لا رہے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہر بیتتا لمحہ ان کے دل میں امیدوں کے دیے جلا رہا ہے لیکن باد مخالف کے اندھیاو بھی اسی شدت سے ان دیوں کو بجھا رہے ہیں

اگر ان کا بیٹا مر بھی چکا ہے تو بھی ان کو تب تک چین نہ آئے گا جب تک بیٹے کا مرا چہرہ آنکھ سے دیکھ کر خود تصدیق نہ کر لیں

کتنا مشکل ہوتا ہے ایک ایسے شخص کے لوٹنے کا انتظار کرنا جس کے بارے میں یہ بھی پتا نہ ہو کہ وہ زندہ ہے یا مر چکا ہے "

اس کی باتوں سے ہجوم میں کھسر پھسر کم ہو گئی اور سب رنجیدہ ہو گئے

" ہم سب نے تو اپنی سی ساری کوشش کی بہتیرے ہاتھ پیر مارے ہیں سالار"

ساتوں میں سے ایک بولا

" مجھے لگتا ہے ہمیں حضور کو یہ جھوٹی خبر سنا دینی چاہیے کہ ان کا بیٹا مر چکا ہے"

سالار نے کہا تو سب اسے کن آکھیوں سے تکنے لگے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"یہ آپ کیا کہہ رہے ہیں حضور"

یک دم سالار کے بدلے رویے پر سب حیران ہو گئے

عالی جاہ کا ایسا رویہ ہر وقت بیٹے کے ملن کی آس ہمیں اور ہمارے ملک کو کمزور کر دے گا"

اور ہمارے مخالف اس بات کا ناجائز فایدہ اٹھائیں گے اور اس سے ہمارے ملک ملک مہیب

" کو خطرہ ہو سکتا ہے ہماری ریاست نوزائیدہ ہے اس کی بنیادیں اتنی مضبوط نہیں ہیں

سالار نے کھانا ختم کر لیا تھا پھر اس نے اپنی کمر سے تلوار نکالی اور اسے میان سے آزاد کیا

باقی سب نے بھی کھانا چھوڑ دیا تھا اور اپنے سالار کو دیکھنے لگے۔

" مجھے اس تلوار کی قسم"

سالار نے تلوار کی نوک پر انگلی ہلکے سے پھیرتے ہوئے کہا

" اپنی ریاست کو برباد نہیں ہونے دوں گا اور اس سب میں آپ میری مدد کرو گے"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سالار نے اپنے دوسرا ہاتھ جس پہلے تلوار کی نوک پر تھا ان سب کی طرف بڑھایا تو سب نے اس کے ہاتھ پر ہاتھ رکھا

اب ہم ملک مہیب لوٹیں گے اور میرے تم سب کے علاوہ کسی کو بھی حقیقت پتا نہ ہو گی"

"ہاں البتہ میں ہمارے سپہ سالار کو یہ بات بتا دوں گا

ان کے سالار نے اپنا ہاتھ پیچھے کیا تو سب نے بھی اپنے ہاتھ موڑ لیے

پھر وہ سب سامان سمیٹ کر گھوڑے پر سوار ہو کر خزاں رسیدہ جنگل کو چھوڑ کر جانے لگے

💖💖💖💖💖💖💖💖

ہلکے کتھے رنگ کا عبایہ اوڑھے ایک بوڑھی عورت سڑک پر لڑکھڑاتی ہوئی چل رہی تھی

۔اس کے چلنے کے انداز سے یہ بات عیاں تھی کہ اس نے کافی مسافت طہ کی ہے۔وہ کھیتوں کے درمیان بنی پگڈنڈی پر چل رہی تھی۔ خزاں کے باعث ارد گرد کے درخت زیادہ سرسبز نہیں تھے البتہ کچھ سبزہ ابھی بھی باقی تھا جسے خزاں کی بے رحم ہوائیں اکھاڑ نہ سکی تھیں۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس کے دل میں بھی امیدوں کا ایسا تھوڑا سا سبزہ آج بھی تر و تازہ تھا جسے اس کی ماضی کی تند و تیز خزاں زیر نہ کر سکی تھی۔ بس امیدوں کا یہی سبزہ جو باد مخالف سے مزاحمت کر کے بچ جاتا ہے یہی امیدوں کو پورا کرتا ہے اگر اس کو وقت پر تقویت بخشی جائے اور مرجھانے سے بچا لیا جائے۔

امیدوں کے سبزے کو تر و تازہ رکھنے کے لیے اس کے پاس بھی یہ تقویت تھی جس کی وجہ سے وہ اتنی مسافت طہ کر کے یہاں آ پہنچی تھی۔

کھیتوں سے گزر کر اب وہ پختہ سڑک پر آ گئی کچھ دور ایک مسجد تھی جس کے مینار دور سے دکھائی دے رہے تھے مینار دیکھتے ہی اس کے دل میں موجود امیدوں کی چنگھاڑیاں اوج پکڑنے لگیں اور بدستور اس کی آنکھوں سے ابر برسنے لگا

اسی مسجد میں اسے پہنچنا تھا۔ وہ یہاں ہر مہینے آتی تھی۔ وہ اپنے گاؤں سے لمبی مسافت طے کر کے شہر مشتق آتی یہ شہر ملک شہلا کے مشہور شہروں میں سے ایک تھا اور خصوصاً یہ مسجد یہ مسجد تو پورے ملک میں مشہور تھی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

لوگوں کا کہنا تھا کہ یہ مسجد جس نے بنوائی تھی وہ اللہ کے بڑے ہی نیک بندے تھے ان کی ہر دعا قبول ہوتی تھی

مگر وہ کہتے کہ یہ میرا فیض نہیں میرے رب کا فیض ہے وہی جسے چاہے عزت دیتا ہے

جب ان کی رحلت ہوئی اور ان کو قبر میں دفنایا گیا تو ان کی قبر کی مٹی سے کئی دن تک خوشبو آتی رہی۔ لوگ قبر کی مٹی اٹھا کر لے جانے لگے پھر مٹی دوبارہ سے ڈالی گئی۔ لوگ کا ماننا ہے ان کی برکات اور ان کا فیض آج بھی اسی علاقے میں ہے اسی وجہ سے لوگ اس مسجد کا بہت اکرام کرتے تھے ان کا کہنا تھا اس مسجد میں مانگی گئی دعائیں رب زیادہ سنتا ہے اس لیے وہ ہر مہینے یہاں آتی اور مسجد کی صفائی کرتی پھر وضو کر کے اللہ کے حضور اپنے بیٹے کی سلامتی اور اس کے مل جانے کی دعا مانگتی تھی۔ عرصہ ہو گیا تھا اسے کھوئے ہوئے۔۔۔

بڑی منتوں مرادوں کے بعد اللہ نے بیٹا دیا تھا لیکن جونہی اس نئی جان نے دنیا میں بسیرا کیا باپ کا سایہ اٹھ گیا۔ تن تنہا رقیہ عرف رقی خالہ نے مزارع بن کر اسے پالا۔ رقیہ بالکل یہی اس کا نام تھا اور گاؤں کے لوگ اسے رقی خالہ کہتے تھے۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اکیلے بیٹے کے بڑے لاڈ رکھتی تھی وہ۔اس کی ہر خواہش پر بنا کچھ ٹالے کھڑی ہو جاتی۔

بڑے لاڈوں سے پالا اور بیٹا جوان کیا۔ بڑے چاؤ تھے بیٹے کی شادی کے اور اسے بڑا آدمی

بنتا دیکھ کر آٹھویں تک پڑھا اس نے گاؤں میں اور گاؤں کا پہلا لڑکا تھا جس نے آٹھویں پڑھ

لی تھی۔۔

ڈیڑھ سال قبل جب رقیہ بی بی اپنے بیٹے کے ہمراہ قافلے کے ساتھ ملک مہیب گئی تھی تب

راستے میں قافلے کو ڈاکوؤں نے لوٹ لیا اور سب کو مار گئے۔

رقیہ کو ہوش آیا تو خود کو اور قافلے کے تمام مسافروں کو وہاں زمین پر پڑے پایا۔۔

اس نے جا کر دیکھا سب مر چکے تھے وہ اکیلی بچ گئی تھی لیکن عجیب بات تھی کوئی بھی

جوان لڑکا جو قافلے میں تھا وہ وہاں نہیں تھا اور نہ ہی رقیہ کا بیٹا اور یا۔۔۔

اکیلی عورت بہت روئی تڑپی چلائی مگر پھر گھر لوٹ آئی۔ بھری دنیا میں اکیلی رہ گئی تھی۔

ایک بہن بھی تھی مگر وہ اس ملک نہیں رہتی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

لوگوں نے کہا کہ تیرا بیٹا بھی مر چکا ہو گا تو رقیہ پھٹ پڑی اور ماتم کرنے لگی۔ سارا گاؤں اشکبار ہو گیا تھا تھا۔

جب جوان بیٹا مر جائے نہ تو مائیں آدھی ہو جاتی ہیں۔ جب اخروٹ کا پھل پکنے کا وقت ہو اور پودا مر جھا جائے تو باغبان کو جو درد ہوتا ہے وہ بھی ماں کے اس درد کے آگے ماند پڑ جاتا ہے۔ جس بیٹے کو جنم دیا اور پھر بڑے چاؤ سے جوان کیا جانے کیا کیا خواب لگائے تھے اس سے۔ خوابوں کی کہکشاں کے سارے ستارے زمین بوس ہو گئے

مگر رقیہ کو ایک امید تھی اسے لگتا تھا میرا بیٹا زندہ ہے بس یہی امید اڈے ہر روز زندہ رکھتی تھی۔ ہر روز امیدوں کے پورا ہونے کے عزم کے ساتھ آنکھ کھولتی وہ۔ پھر دن بھر امیدوں کے پورا ہونے کا انتظار کرتی اور شام ہوتی تو اس کے خیالوں کی کہکشاں کے سارے ستارے چکنا چور ہو کر زمین بوس ہو جاتے پھر ڈھیر ساری امیدوں کے پورے ہونے کا عزم لے کر اگلے دن کا آغاز کرتی۔

اور ایسے میں اس مسجد کا پتا چلا تو ہر مہینے یہاں چلی آتی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مسجد کے قریب پہنچی تو وہاں بہت ہجوم تھا پتا چلا کہ آج سلطان ادھر مسجد میں تشریف فرما ہیں۔

قریب کے علاقوں کے لوگ سلطان کو دیکھنے آئے تھے۔ ویسے تو سلطان ہر وقت اپنی سپاہ کے ساتھ ہوتے ہیں مگر مسجد ہی وہ جگہ ہوتی ہے جہاں اعلی ادنی کا فرق مٹ جاتا ہے یہی وہ جگہ ہوتی ہے جہاں آقا اور غلام برابر ہو جاتے ہیں۔

رقیہ مسجد کے اندر چلی گئی۔ مسجد لوگوں سے بھرپور تھی۔ مردوں کے بیچ میں چلنا اسے تھوڑا برا لگنے لگا تو وہ صحن میں ایک طرف جا کر بیٹھ گئی اور اللہ سے دعا کرنے لگی۔



سلطان ذوالقرنین اپنے بیٹے شہزادے سبکتگین ذوالقرنین اور سپہ سالار کے ہمراہ مسجد سے باہر نکل رہے تھے۔ لوگوں کی ایک بڑی تعداد ان کے گرد تھی کوئی پیچھے سے سلطان کا دیدار کر رہا تھا تو کوئی آگے سے۔ مسجد کے دروازے کے قریب سلطان کو کچھ فقیر بیٹھے دکھے تو سلطان نے ایک اشرفیوں کی تھیلی اپنی جیب سے نکال کر سپہ سالار کو دی اور

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

فقیروں میں بانٹنے کو کہا۔سپہ سالار فقیروں کے پاس گئے اور اشرفیاں بانٹنے لگے۔

فقیروں سے ذرا پرے ایک بوڑھی خاتون بیٹھی رو رہی تھی۔سپہ سالار اس کے پاس گیا

" بوڑھی اماں"

سپہ سالار نے کہا تو رقیہ بی بی نے سر اٹھا کر اوپر دیکھا۔سپہ سالار نے تھیلی میں سے کچھ اشرفیاں رقیہ بی بی کی طرف بڑھائی

" نہ پتر"

رقیہ نے لرزتے ہوئے ہونٹوں سے انکار کر دیا۔

سپہ سالار کو بہت غصہ آ گیا۔

" اماں پکڑ یہ"

وہ غصے سے چلایا

" میں خیرات نہیں لیتی بیٹا"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سپہ سالار غصے سے سلطان کے پاس گیا اور سارا مدعا سنایا۔ سلطان بھی غصے میں آ گیا

" کتنی عجیب عورت ہے "

وہ اسے اپنی گستاخی سمجھ رہا تھا اور رقیہ بی بی کی طرف گیا۔ اوع دوبارہ اشرفیاں دیں مگر رقیہ

نے یہ کہتے ہوئے انکار کر دیا۔

بیٹا میں غریب ضرور ہوں لیکن خوددار ہوں۔"

" میں خیرات نہیں لیتی

رقیہ نے خود کو سنبھالا اور اپنے برقعے کو سمیٹنے لگی۔

سلطان کو غصہ آ گیا۔

"اگر خیرات نہیں لینی تھی تو یہاں بیٹھی خاک کیوں چھانٹ رہی ہو؟؟"

حضور مسجد میں آ کر انسانوں سے بھیک نہیں مانگی جاتی۔ مسجد خدا کا گھر ہے میں اسی اللہ "

" سے طلب کرنے آئی ہوں یہاں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

رقیہ نے لرزتے ہوئے کہا وہ ایسی ہی تھی اپنی خودداری پر کچھ نہیں سنتی تھی۔

سلطان غصے سے اسے دیکھ رہا تھا پھر وہاں سے ہو لیا

"رکیے حضور"

رقیہ کی آواز سے سلطان رکا اور پیچھے مڑ کر دیکھا

" ایک حساب برابر کرنا باقی رہتا ہے ابھی"

رقیہ نے دبے سے کہا اور

اپنے برقعے کے پلو میں بندھی گرہ کھول کر پانچ اشرفیاں نکالیں۔

" میں خیرات لیتی نہیں ہوں البتہ عطا ضرور کرتی ہوں"

اس نے سلطان کی طرف اشرفیاں بڑھائیں۔ سلطان کا پارا چڑھ گیا۔

اس کے چہرے کے تیور بدل گئے۔

سپہ سالار اور شہزادہ سبکتگین یہ دیکھ رہے تھے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آپ نے اس سارے ہجوم کے سامنے میری عزت نفس مجروح کی ہے حضور یہ اس کا"

" بدلہ ہے

رقیہ نے اشرفیاں سلطان کے اور قریب کر دیں۔

"گستاخ"

سلطان چلایا۔

رقیہ بی بی کو ایسے رویے کی امید نہ تھی سلطان سے۔ کیونکہ مسجد میں آقا اور گدا برابر ہوتے ہیں بس اسی لیے وہ اپنی خودداری کا بدلہ لے رہی تھی۔

سلطان رقیہ پر ہاتھ اٹھانے لگا تھا کہ سپہ سالار اور شہزادہ سبکتگین آ گئے

" ابا حضور رک جایئے"

شہزادے سبکتگین نے سلطان کو روکا۔

" وہ عمر رسیدہ ہیں ابا جی۔ اور ان پر ہاتھ اٹھانا شاہی اصولوں کے خلاف ہے"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سبکتگین کی بات سے سلطان نے ہاتھ پیچھے ہٹالیا مگر غصہ ابھی بھی اس کے چہرے پر عیاں تھا۔

سلطان نے آخری چار رقیہ کو دیکھا اور آگے ہو لیا۔ سلطان کے جانے کے بعد رقیہ نے پیسے واپس برقعے میں کس دیے اور مسجد سے روانہ ہو دی۔۔

جونہی وہ مسجد سے باہر نکلی مسجد کے باہر بیٹھے جوان فقیر پر اس کی نظر پڑی اور اٹک کر رہ گئی۔۔۔۔



سلطان ذوالقرنین مسجد سے کچھ فاصلے پر پہنچے تھے کہ ایک قاصد گھوڑے پر اُیا اور سلطان کو ایک پیغام دیا اور کہا کہ آپ کی بھانجی شہزادی دل ربا کی طرف سے آیا ہے۔ دل ربا کا نام سنتے ہی شہزادے سبکتگین کے دل میں کہرام مچنے لگا

جونہی رقیہ مسجد سے باہر نکلی مسجد کے باہر بیٹھے جوان فقیر پر اس کی نظر پڑی اور اٹک کر رہ گئی۔۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس کے تمام جذبات احساسات کا بہاؤ اس فقیر لڑکے کی طرف ہو گیا۔

وہ لڑکا عادات واطوار سے پاگل لگ رہا تھا کیونکہ وہ احمقانہ حرکتیں کرتا دکھائی دے رہا تھا۔

وہ پھٹے کپڑوں میں ملبوس تھا چہرہ مٹی سے اٹا ہوا اور مسجد کے دروازے کے بالکل سامنے بیٹھا تھا۔

وہ مسجد سے نکلتے ہر فرد کو سلام کر رہا تھا۔

رقیہ باہر نکلی تو اسے بھی کرنے لگا۔

مگر رقیہ اس کے قریب گئی اور اسے کھینچ کر وہاں سے سامنے سڑک پر لے گئی۔

"میرا بیٹا میرا بیٹا"

وہ اس کا مٹی سے بھرا ماتھا چومتے ہوئے بولی۔

وہ پاگل لڑکا اپنے ہاتھوں کو آگے کر کے بولا۔

" ادھر بھی چوموا ماں"

وہ پاگلوں کی طرح بولا

" ہائے کیوں نہیں"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

رقیہ بولی اور اس کے مٹی سے اٹے ہاتھ چومنے لگی۔

وہ پاگل خوشی سے جھومنے لگا۔۔۔۔

رقیہ کی آنکھوں سے آنسو نکل رہے تھے۔

" میرے گلے لگ جا"

رقیہ روتے ہوئے بولی اور اسے گلے لگنے کو کہا۔

مگر اس لڑکے نے برا سا منہ بنایا

"آجا میرا پتر تیری ماں تجھ سے بہت پیار کرتی ہے آجا میرے گلے لگ جا"

جونہی رقیہ نے محبت کا لفظ کہا لڑکا پھوٹ پھوٹ کر رونے لگا اور عجیب و غریب آوازیں

نکالنے لگا۔

" محبت نے مارا مجھے"

وہ روتے ہوئے چلانے لگا

"محبت نے مارا مجھے"

رقیہ اس کے انداز سے گھبرا گئی۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" میرے بیٹے ادھر آ میرے پاس ادھر آ"

رقیہ فکر مند ہو گئی

پھر وہ لڑکا ایک دم سے کھلکھلا کر ہنسنے لگا۔

ان کو اس طرح دیکھ کر ارد گرد لوگ جمع ہو گئے۔۔۔

" میرے بیٹے میرے ساتھ چل۔۔آ جا میرے ساتھ۔۔ہم اپنے گھر چلتے ہیں"

" میں نہیں جاؤں گا اماں"

وہ لڑکا ہنسنے لگا لیکن رقیہ اڈے گھسیٹتے ہوئے لے گئی۔۔

وہ پھر بھی ہنس رہا تھا۔۔۔

رقیہ اسے گھسٹتے ہوئے مسجد سے دور لے گئی۔

💔💔💔💔💔💔💔💔💔💔

سارے محل میں تیاریاں چل رہی تھیں کیونکہ سلطان ذوالقرنین کی بھانجی شہزادی دل ربا جو کہ ملک مہیب کی شہزادی تھیں اور وہاں کے فرمانروا بادشاہ اسفند ہندوئی کی صاحبزادی تھیں۔اپنے ماموں سے ملنے ملک شہلا آ رہی تھی۔خانساماں نئے نئے کھانے پکا رہے تھے تو

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نوکر شہزادی کے کمروں کو سامان زیبائش اور آسائش سے سنوار رہے تھے۔شاہی درزی شہزادی کے لیے محل کے اصولوں کے بنا پر نئے کپڑے سلائی کر رہے تھے تو سلطان اپنی بھانجی کو دینے کے لیے تحفہ خریدنے جا رہے تھے۔یہ ان کی عادت تھی اپنا کوئی بھی عزیز ان سے ملنے آتا تو اسے کچھ قیمتی تحفہ ضرور دیتے تھے شہزادی دل ربا کے لیے تحفہ خریدنے وہ سنار کی دکان آئے تھے۔

سلطان ذوالقرنین شہزادی دل ربا سے بہت پیار کرتے تھے۔شہزادی دل ربا کی ماں ملکہ صبغت اسفند دل ربا کے بچپن میں ہی وفات پا گئیں تھیں۔اس لیے سلطان ذوالقرنین دل ربا میں ہی اپنی بہن کا عکس ڈھونڈتے اور اسے اپنی بہن اور بھانجی دونوں رشتوں کا پیار دیتے۔

"ایسا کیا خریدوں جو سب سے انمول ہو میری بھانجی کی طرح"

سلطان نے سنار سے کہا۔

"حضور جو آپ کے دل کو بھا جائے وہ لے جایئے اس خادم کی رائے کی کیا اہمیت"

سنار نے ادب سے جھک کر کہا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ہماری بھانجی موتیوں جیسی انمول ہے"

سلطان نے کہا

"توجناب موتی ہی خرید لیجیے شہزادی حضور کے لیے"

سنار نے جلدی میں کہا

" موتی تمہارے پاس کونسا ایسا انمول موتی ہے"

سلطان نے مارے حیرت کے کہا تو سنار جلدی سے سامنے الماری کی طرف مڑا اور تھوڑی

دیر بعد ایک زرد رنگ کا خوبصورت موتی لے کر آیا

موتی دیکھتے ہی بادشاہ کی آنکھیں چمک اٹھی۔

" حضور یہ موتی"

سلطان نے موتی تھاما

" یہ موتی تو بادشاہ اسفند ہندوئی کے پاس تھا"

سلطان نے دل میں سوچا۔

" یہ ویسا ہی موتی ہے جیسا سلطان اسفند ہندوئی کے پاس ہوتا ہے اور میں یہ ہمیشہ سے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حاصل کرنا چاہتا تھا لیکن بہنوئی ہونے کے لحاظ سے ان سے کبھی طلب نہ کی تھی

لیکن یہ موتی یہاں کیسے

انہوں نے تو کان کنی سے حاصل کیا تھا یہ

یہ موتی تو اس دنیا کے کسی سنار کے پاس نہیں ہے

میں نے ہر جگہ اسے تلاشا

"پھر یہ موتی یہاں کیسے ؟؟؟

"حضور کیا آپ کو یہ موتی پسند آیا؟"

سلطان کو سوچوں میں گم دیکھا تو سنار نے پوچھا۔

سنار کی آواز سے سلطان سوچوں سے باہر آیا۔

"ہاں کیا دام ہیں اس کا"

حضور مجھے اس کے دام نہیں معلوم"

" آپ کچھ بھی دے دیں

" دام نہیں معلوم یہ کیا بات ہوئی"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" حضور یہ موتی مجھے ایک گھوڑے کے بدلے ملا ہے"

" ایک گھوڑے کے بدلے اتنا قیمتی موتی"

سلطان کے پسینے چھوٹ گئے

جی حضور میں تجارت کر کے لوٹ رہا تھا کہ راستے میں میری ملاقات ایک مسافر سے"

ہو گئی۔رات کا وقت تھا۔وہ کوئی سپاہی لگتا تھا۔اور کہیں بہت دور سے آیا تھا اور کہیں دور

جا رہا تھا۔میرے پاس تین گھوڑے تھے۔اس نے مجھ سے ایک گھوڑے کا تقاضا کیا۔میں

منع کر دیا کہ میں یہ نفع میں کمائے ہیں۔

تب اس نے مجھے کہا مجھے بہت جلدی ہے کہیں جانے کی خدا کے لیے یہ موتی رکھ لو اور

گھوڑا دے دو۔

میں نے مان لیا۔

مجھے یہ موتی کچھ خاص نہیں لگا کیونکہ اس پر دھول جمی تھی لیکن جب میں اسے کپڑے

سے صاف کیا تو یہ چمک اٹھا اور میں حیران رہ گیا

نہ جانے وہ فرشتہ صفت انسان کون تھا؟؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کہاں سے آیا تھا؟؟؟

"کہاں جارہا تھا؟؟؟

سنار کی بات سن کر بادشاہ چونک گیا۔

اڈے پوٹلی میں بند کرواور کل تک تمہیں سونے کے دواونٹ مل جائیں گے تم کیا جانو"

" اس سونے کی قیمت

بادشاہ نے کہااور باہر کو ہولیا۔

بادشاہ کے پیچھے دوسپاہی بھی چل دیے۔۔

دوسپاہی موتی لینے کے لیے رک گئے



شہزادہ سبکتگین شاہی باغ میں ٹہل رہا تھااور ٹہلتے ہوئے بار بار ہلکے سے مسکرا بھی رہا تھا۔

وہ ستائیس سال کاایک خوبصورت نوجوان تھا۔روشن شفاف چہرہ، بھوری آنکھیں، سیاہ

بال، چھوٹی سی ناک، ہلکے گلابی ہونٹ اوران پر موجود خوبصورت مسکان۔

ہونٹوں سے ذرااوپر تراشی ہوئی مونچھیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور ہونٹوں کے نیچے تراشی ہوئی خوبصورت خط والی داڑھی

" آج میں اتنا خوش ہوں کہ اس خوشی کی کوئی انتہا نہیں ہے"

اس نے پھول کو ہاتھ میں تھاما۔

خزاں کے باعث ہر طرف پیڑ پودے مرجھا گئے تھے مگر یہ شاہی باغی تھا یہاں کے

پودے خزاں میں نہیں مرجھایا کرتے

امیروں کی ایک الگ دنیا ہوتی ہے کہ غریب اس دنیا کے بارے میں صرف سوچ سکتے

ہیں۔

یہ دنیا غریبوں کی دنیا سے بہت الگ ہوتی ہے

اس دنیا میں دن اور رات کا کوئی تصور نہیں ہوتا

اور نہ ہی بہار اور خزاں کا۔

امیروں کو دن اور رات، بہار اور خزاں میں ایک سے راحت و آرام کے سامان میسر آتے

ہیں۔

اے پھول تجھے بھی بلبل سے ملنے کی آس رہتی ہے نا اسی لیے تو بہار کا انتظار کرتا ہے"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میرے لیے بھی آج بہار آرہی ہے

عرصہ ہو گیا میرے دل کے چمن کو ہرا ہوئے

میری خزائیں آج مٹنے جارہی ہیں

" میرا یار آج مجھ سے ملنے آرہا ہے

وہ پھول سے مخاطب تھا

پھر خوب مسکرایا اور اپنی ہنسی کو دونوں ہونٹوں کے بیچ میں چھپانے لگا۔

💖💖💖💖💖💖💖💖💖💖

رقیہ اس لڑکے کو گھسیٹتے ہوئے گاؤں سے گزر رہی تھی۔وہ جہاں سے بھی گزرتی لوگ

جمع ہو جاتے اور ان کو دیکھنے لگتے۔

وہ لڑکا کبھی ہنسنے لگتا تو کبھی رونے لگتا اور کبھی کہنے لگتا

" مجھے محبت نے مارا"

کھیتوں میں موجود کسان ان کا دیکھ رہے تھے

لوگ آپس میں طرح طرح کی چہل مگوئیاں بھی کر رہے تھے۔کچھ ان پر آوازے کس

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

رہے تھے تو کچھ ان کا مزاق بنا رہے تھے خیر جس کی جو اوقات تھی وہ وہی کر رہا تھا۔

" اری یہ تو وہی پاگل ہے نا"

کھیتوں میں سے ایک عورت نے دوسری سے کہا

" ہاں یہ وہی ہے جو پچھلے ایک مہینے سے یہاں آوارہ پھر رہا ہے"

دوسری غرائی

" ہاں اور یہ پاگل بڑبڑاتا رہتا ہے محبت نے مارا"

پہلی بولی

" کوئی ٹوٹا ہوا عشق لگتا ہے جس کی لیلی اسے چھوڑ گئی ہو"

دوسری بولی

" ایسا نہیں ہو گا پاگل ہو گا اور اسے کسی نے عشق کا بھوت سر پر سوار کر دیا ہو گا"

" ہاں ویسے بھی عشق تو پاگل لوگ ہی کیا کرتے ہیں"

بالکل صحیح کہا عقل مند تو عشق سے کوسوں دور رہتا ہے مجھے نہیں لگتا کہ اسے کوئی عشق"

" ہوا ہے یونہی محبت کا نام سنا ہو گا اور بڑبڑانے لگا ہو گا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دو اور عورتیں بھی ان کی بحث میں شامل ہو گئیں۔

نہیں مجھے یہ سچ میں محبت کا مارا ہوا لگتا ہے اس کی حالت دیکھو۔۔۔"

اس کی آنکھوں میں آنسو ہیں

ہونٹوں پر ہنسی ہے۔۔۔۔

اس کے تیور بتاتے ہیں یہ محبت کا مارا ہوا ہی نہیں محبت پہ وارا ہوا بھی ہے۔۔۔۔

" خدارا اس کی محبت کا مذاق نہ اڑاؤ

وہ کہتی ہوئی باقی تینوں سے دور چلی گئی اور وہ تینوں اسے کوسنے لگیں

کچھ اوباش لڑکے آگے بڑھے اور رقیہ اور اس کے بیٹے پر آوازے کسنے لگے

وہ اونچی آواز میں بڑبڑا رہے تھے اور ساتھ ساتھ اس لڑکے کو تنگ بھی کر رہے تھے

محبت نے مارا مجھے۔مجھے محبت نے مارا"۔"

کیسے مارا"۔"

ایک اوباش لڑکا قہقہہ لگا کر پوچھنے لگا تو رقیہ نے غصے سے اسے برا بھلا کہا تو وہ رقیہ کا مذاق

اڑانے لگا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دواوباش لڑکوں نے رقیہ کے بیٹے کو اس سے دور کھینچا جو بڑبڑا رہا تھا

محبت نے مارا مجھے

" چھوڑو میرے پتر کو"

رقیہ نے زمین سے پتھر اٹھالیا اور اوباش لڑکوں کی طرف پھینکا اور پھر زور سے اپنے بیٹے کو

چھڑا کر بھاگنے لگی اس کا بیٹا ابھی بھی ویسے ہی پکار رہا تھا

" مجھے محبت نے مارا"

اوباش لڑکے ان کے پیچھے دوڑنے لگے اور آوازے کسنے لگے

کیا ملا ہے محبت کے بازار سے

آج پھرتے ہو دل کو نقد ہار کے

یہ محبت ہی دشمن کی اِک چال ہے

عشق تو لال ہے _____ عشق تو لال ہے

دل کی رگ رگ سے ہے ٹپکا ہوا ہے لہو

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جب کہا تھا محبت گناہ تو نہیں

پھر گناہ کے برابر سزا کیوں ملی

زخم دیتے ہو کہتے ہو سیتے رہو

جان لے کر کہو گے کہ جیتے رہو

پیار جب جب زمیں پہ اُتارا گیا

زندگی تجھ کو صدقے میں وارا گیا

پیار زندہ رہا مقتلوں میں مگر

پیار جس نے کیا ہے وُہ مارا گیا

حد یہی ہے تو حد سے گزر جائیں گے

عشق چاہے گا چُپ چاپ مر جائیں گے

یہ محبت میں نکلی ہوئی فال ہے

عشق تو لال ہے _____ عشق تو لال ہے



Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سلطان ذوالقرنین اپنے تخت پر بیٹھے تھے کہ ایک خادم نے آکر اطلاع کہ کہ ایک لڑکی آئی ہے اور آپ سے ملنا چاہتی ہے۔۔کافی تنگ حال ہے

" اسے آنے دو"

سلطان کے حکم پر اسے سلطان کے سامنے پیش کیا گیا

پھٹے پرانے لباس میں جسے جگہ جگہ پیوند کاری کی گئی تھی ملبوس ایک لڑکی حاضر ہوئی۔

جونہی اس نے سر اٹھایا تو اس کا چہرہ دیکھ کر سلطان ششدر رہ گیا

پھٹے کپڑوں میں ملبوس ایک نوجوان لڑکی گھوڑے پر سوار اور تیزی سے گھوڑا دوڑائی حال بے حال میں جنگل سے گزر رہی تھی۔گھوڑا تیزی سے دوڑانی کی وجہ سے اس کا سانس پھولا ہوا تھا۔اسے پیاس محسوس ہوئی تو اس نے گھوڑے کے ساتھ بندھے مشکیزے کو دیکھا تو وہ خالی تھا۔پانی کی ایک بوند بھی موجود نہ تھی۔ناامیدی سے وہ پھر سے گھوڑا دوڑانے لگی۔لیکن پیاس کی وجہ سے پہلے والی توانائی باقی نہ تھی۔وہ گھوڑے پر تن تنہا تھی اور کچھ خالی مشکیزے تھے۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آخر کار وہ رک گئی اور خود پر پڑنے والی دھوپ سے بچنے کے لیے درخت کے سائے میں

بیٹھ گئی اس نے گھوڑا پاس ہی باندھا تھا۔

"ملک شہلانہ جانے اور کتنی اور ہے؟"

وہ اداسی اور ناامیدی میں بولی۔اور پسینہ صاف کرنے لگی۔۔

" مجھے رکنا نہیں چاہیے"

وہ خود سے ہم کلام تھی۔

پھر گھوڑے پر سوار ہوئی اور دوبارہ ہمت کر کے گھوڑا دوڑانے لگی۔۔۔

کچھ دیر بعد ایک بازار شروع ہو گیا۔

بازار میں کہیں کوئی قالین فروش بیٹھا تھا تو کہیں کوئی اشیاء خورد و نوش کا ڈھابہ لگائے بیٹھا

تھا۔ کہیں تیر اندازی کا مقابلہ ہو رہا تھا تو کہیں بندر کا تماشہ ہو رہا تھا۔

شام ہونے کو تھی۔

وہ گھوڑے سے اتری اور ایک عورت سے شاہی محل کا راستہ پوچھا۔۔۔

پھر گھوڑے پر سوار ہو کر عورت کے بتائے گئے راستے پر چلنے لگی۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اچانک اسے شاہی محل دکھنے لگا۔۔۔

اس کی آنکھوں میں ایک چمک بھر آئی۔

شاید آنسوؤں پر روشنی پڑنے سے عیاں ہوئی تھی۔۔۔

آنسو ایک معمولی سا قطرہ ضرور ہیں مگر اپنے اندر ایک دنیا لیے ہوئے ہوتے ہیں۔۔۔

دربانوں نے اس کا لباس دیکھ کر اسے اندر جانے سے منع کر دیا۔۔

" مم میں سلطان کی بھانجی ہوں"

وہ چیخی۔۔

سلطان کی بھانجی سلطان اسفند ہندوئی کی بیٹی ہے اور آپ کہیں سے شہزادی نہیں لگتیں"

"اس لیے اپ اندر نہیں جا سکتی۔

" خدا کے لیے میرے ماما جی سے کہہ دیجیے"

مگر دربانوں پر اس کی کسی بات کا اثر نہ ہوا۔۔

" میری اس حالت کی زمہ دار میری محبت ہے"

اس نے دل میں سوچا اور ایک آنسو اس کی آنکھ سے اس کی گالوں پر ایا۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کون ہیں لوگ یہ زخم کھائے ہوئے

دل کی میت کو سر پہ اُٹھائے ہوئے

آرزویں کہاں بیچ کر آئے ہیں

آج آئے ہیں پُوچھو یہ کیا لائے ہیں

اِک محبت سے یہ نہ سنبھالے گئے

اِک محبت نہ اِن سے سنبھالی گئی

زندگی بس اُمیدوں بھری جیب تھی

جیسے خالی ملی ویسے خالی گئی

کیا ملا ہے محبت کے بازار سے

آج پھرتے ہو دل کو نقد ہار کے

یہ محبت ہی دشمن کی اِک چال ہے

عشق تو لال ہے _____ عشق تو لال ہے

دل کی رگ رگ سے ہے ٹپکا ہوا ہے لہو

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جب کہا تھا محبت گناہ تو نہیں

پھر گناہ کے برابر سزا کیوں ملی

زخم دیتے ہو کہتے ہو سیتے رہو

جان لے کر کہو گے کہ جیتے رہو

پیار جب جب زمیں پہ اُتارا گیا

زندگی تجھ کو صدقے میں وارا گیا

پیار زندہ رہا مقتلوں میں مگر

پیار جس نے کیا ہے وُہ مارا گیا

حد یہی ہے تو حد سے گزر جائیں گے

عشق چاہے گا چُپ چاپ مر جائیں گے

یہ محبت میں نکلی ہوئی فال ہے

عشق تو لال ہے _____ عشق تو لال ہے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میری بات مت مانو لیکن یہ بات جان لو جب سلطان کو پتا چلا کہ ان کی بھانجی کے ساتھ "

" تم لوگوں نے کیا کیا تو وہ تمہارا کیا حشر کریں گے

اس لڑکی نے نسبتاً نرم لہجے میں کہا۔

" اور اگر تم ان کی بھانجی نہ ہوئی تو جانتی ہو سلطان کیا کرے گا ہمیں سولی چڑھا دے گا"

ایک دربان نے مارے خوف کے کہا

" خدا کے لیے مجھے کسی نہ کسی طرح سلطان سے ملوا دو خدا کے لیے"

وہ بھیک مانگنے لگی تو دربانوں کو ترس آ گیا

" ایسا کرتے ہیں سلطان کو کہتے ہیں ایک ضرورت مند لڑکی آپ سے ملنا چاہتی ہے"

ایک دربان نے مشورہ دیا تو دوسرا اندر چلا گیا۔۔۔

💔💔💔💔💔💔💔💔💔💔💔

سلطان ذوالقرنین اپنے تخت پر بیٹھے تھے اور بعام نوش کر رہے تھے کہ ایک خادم نے آ کر

اطلاع کہ کہ ایک لڑکی آئی ہے اور آپ سے ملنا چاہتی ہے۔۔کافی تنگ حال ہے

" اسے آنے دو"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سلطان کے حکم پر اسے سلطان کے سامنے پیش کیا گیا

پھٹے پرانے لباس میں جسے جگہ جگہ پیوند کاری کی گئی تھی ملبوس ایک لڑکی حاضر ہوئی۔

جونہی اس نے سر اٹھایا تو اس کا چہرہ دیکھ کر سلطان ششدر رہ گیا

" دل ربا"

کپکپاتے ہوئے سلطان بڑبڑایا اور تخت سے اٹھ کر سامنے کھڑی لڑکی کو سینے سے لگا لیا

وہ لڑکی رونے لگی

کیسے ہوا یہ سب یہ کیا حالت بنا رکھی ہے؟؟؟"

"آپ اس طرح؟؟؟

سلطان کو سمجھ نہیں آ رہا تھا کیا کہے جو منہ میں آیا کہہ دیا

۔

" ماما سب برباد ہو گیا سب کچھ برباد ہو گیا"

دل ربا روتے ہوئے کہنے لگی

وہاں موجود تمام دربان سپاہی اور جو بھی تھی حیرت کے بت بنے ان کو دیکھ رہے تھے۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ماماان لوگوں نے مجھے اندر نہیں آنے دیا یہ کہتے کہ میں آپ کی بھانجی نہیں ہوں ماما"

" انہوں نے میری اس حالت کا مذاق اڑایا

سلطان کو غصہ چڑھ گیا

" جاؤاور اپنے دوسرے ساتھی کو بھی لے کر آؤ"

سلطان نے دربان سے کہا

" عالی جاہ معاف کر دیجیے"

وہ ہاتھ جوڑ کر معافی مانگنے لگا

" معافی تو اب تمہیں کبھی نہیں ملے گی جاؤاور لے کر آؤ"

وہ دربان کپکپاتا ہوا باہر نکل گیا تو سلطان نے دل ربا کو سینے سے لگا لیا

کیسے ہوا یہ سب؟؟"

ڈاکوؤں نے حملہ کیا ہے کیا؟؟

آپ کے سپاہی محافظ کہاں تھے؟؟

آپ اکیلی کیوں آئیں؟؟؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"آپ بگھی میں نہیں آئیں؟؟

سلطان حیرت کا بت بنا سوالوں ہر سوال کر رہا تھا مگر دل ربا مسلسل روئے جا رہی تھی۔۔۔

اتنے میں دونوں دربان حاضر ہوئے۔۔

" شہزادی سے گستاخی کرنے کے جرم میں ان کو قید کر دیا جائے"

سلطان نے کہا تو دو سپاہی ان کو گھسیٹ کر لے گئے وہ لاکھ چلائے مگر سلطان اور دل ربا نے

ان کی ایک بھی نہ سنی۔۔۔

سلطان نے دل ربا کو زبان خانے میں بھیج دیا۔۔۔



شہزادی دل ربا پوشاک بدل کر لیٹی تو نیند کی وادی میں کھو گئیں۔نہ جانے کتنا تھکی تھیں

اور نہ جانے کب سے نہیں سوئی تھیں۔سلطان نے ان کو پریشان کرنا بہتر نہ سمجھا اور

سونے دیا اور بات چیت سویرے کرنے کا فیصلہ کر لیا



CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تاریکی کے سائے منڈلانے لگے تھے اب۔۔۔

رقیہ بھی اپنے گاؤں واپس جا چکی تھی۔۔

مگر اب وہ اکیلی نہیں تھی اس کے ساتھ اس کا بیٹا بھی تھا۔۔۔۔

سارے گاؤں میں سناٹا تھا جیسے سب سو چکے ہوں۔۔۔۔

گاؤں کی زندگی ایسی ہی ہوتی ہے سب جلدی سو جاتے ہیں۔۔

رقیہ نے اپنے بیٹے کو گھر کے اندر کر کے زور سے دروازہ بند کر دیا۔۔۔

اور اس کا ہاتھ منہ دھلوا کر اسے نئے کپڑے پہنانے لگی

💖💖💖💖💖💖💖💖

" اندر آ جاؤ"

شہزادہ سبکتگین ایک غار کے باہر کھڑا تھا۔اس نے عام شہری جیسا لباس پہن رکھا تھا۔اس غار میں ایک اللہ والے رہتے تھے اور وہ ان سے ملنے روز آتا تھا ان اللہ والے سے جن کا نام محمد علی تھا اور سبکتگین ان کو صوفی صاحب کہتا تھا سے سبکتگین کو ایک لگاؤ سا ہو گیا تھا وہ ان کے پاس آتا اور اپنے دل کا حال بتاتا۔صوفی محمد علی اسے نصیحت کرتے جس سے اس

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کے دل کا بوجھ ہلکا ہو جاتا

صوفی صاحب سے ملنے وہ عام شہری کے لباس میں آتا تھا۔اس نے اپنی اصلیت سے ان کو ناواقف رکھا تھا۔ابھی بھی وہ ان سے ملنے غار آیا تھا اور آکر غار کے دروازے پر دستک دی

صوفی صاحب شاید عبادت کر رہے تھے۔

تھوڑی دیر بعد ان کی آواز آئی اور انہوں نے سبکتگین کو اندر آنے کو کہا۔

سبکتگین آہستہ سے قدم اٹھاتا اندر چلا گیا۔

صوفی محمد علی دیے کی روشنی میں قرآن مجید پڑھ رہے تھے۔

غار میں گپ گپ اندھیرا تھا۔

مگر جہاں تک دیے کی رسائی تھی وہ جگہ روشن ہو رہی تھی۔۔

"السلام علیکم"

سبکتگین نے سلام لیا تو صوفی محمد علی نے قرآن مجید کی آیت پوری کی اور سلام کا جواب دیا۔

غار میں ایک لکڑی کا تختہ تھا اور کچھ اور روزمرہ کی اشیاء تھیں۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

محمد علی نے قرآن کو تختے پر رکھا۔۔۔

اتنے میں سبکتگین ان کے پاس بیٹھ گیا

"کیوں میاں؟آج چہرہ بہت اترا ہوا ہے؟"

محمد علی نے سبکتگین کے چہرے کو دیکھتے ہوئے کہا۔

"کسی چیز کی طلب حد سے بڑھ گئی ہے صوفی صاحب۔۔اور جب وہ چیز آپ کے سامنے ہو

" مگر آپ کے لیے میسر نہ ہو

سبکتگین نے غم زدہ لہجے میں جواب دیا۔

" چیز کی یا کسی شخص کی"

محمد علی نے تسبیح کا دانہ ہاتھ سے نیچے سرکایا۔

سبکتگین کچھ بولنے ہی والا تھا کہ محمد علی دوبارہ گویا ہوئے

" دیکھ پترا اگر تو تجھے طلب یار ہے نا تو اپنی اس طلب کو مار دو"

محمد علی نے تیوری چڑھائی۔۔۔۔

" لیکن صوفی صاحب یہ میرے بس میں نہیں ہے"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سبکتگین نے غم زدہ انداز سے کہا۔

" بس میں نہیں ہے تو اپنے بس میں کر لو"

محمد علی نے جواب دیا۔۔

اس طلب کو طلب ہی رہنے دو کہیں ایسا نہ ہو یہ عشق بن جائے پھر تمہیں اس کا انجام"

"بھگتنا پڑے

محمد علی نے خوفزدہ انداز سے کہا

محمد علی کی آنکھوں میں خوف دیکھ کر سبکتگین ڈر گیا

تم سے پہلے بھی یہاں ایک شخص آیا کرتا تھا۔اسے بھی کسی سے عشق ہوا تھا۔میں نے"

اسے عشق سے مکر جانے کو کہا۔مگر عشق اس کی رگ رگ میں بس چکا تھا۔اس نے میری

بات نہ مانی اور نتیجتاً اسے بہت برا انجام بھگتنا پڑا۔وہ خود کو کھو چکا ہے۔تمہیں بھی میں

"عشق سے دور رہنے کو کہوں گا پتر

محمد علی نے بات آگے پڑھائی تو ڈرے سہمے انداز سے سکتگین نے پوچھا

""وہ کہاں ہے اب؟؟"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"پتا نہیں کہاں ہے؟؟؟"

وہ دیوانہ بن گیا تھا پتر۔۔۔

عشق نے دیوانہ کر دیا تھا اسے۔۔۔۔

"اب خدا ہی جانتا ہے وہ کہاں ہے؟؟؟،

محمد علی کی آنکھ سے آنسو نکلنے لگے

"وہ کون تھا صوفی صاحب؟؟"

"شہزادہ سرمد"

صوفی کا جواب سن کر سبکتگین ششدر رہ گیا

شہزادہ سبکتگین غار سے نکلا اور گھوڑے پر سوار اپنے محل کی راہ ہو گیا۔ سارے راستے صوفی صاحب کی باتیں اس کے کانوں میں گھنٹے کی طرح بجتی رہیں۔

کہیں یہ شہزادہ سرمد وہی تو نہیں جو سلطان اسفند ہندوئی کے دوست کا بیٹا ہے اور اس نے "جنگ میں ملک مہیب کی خاطر خواہ مدد بھی کی تھی۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شہزادے سبکتگین کے ذہن میں طرح طرح کے خیالات آرہے تھے۔۔۔۔

وہ رات کی تاریکی میں جنگل میں گھوڑا دوڑائے جارہا تھا۔۔۔۔



ککڑوں کوں

مرغ کی آواز اور گاؤں کی خوبصورت ہوا نے رقیہ کی آنکھ کھولی تو وہ اٹھ بیٹھی۔وہ اپنے گھر کے برآمدے میں زمین پر سوئی ہوئی تھی۔

اس نے اپنے ارد گرد دیکھا۔۔۔

" اوریا"

وہ مارے فکر مندی کے بولی۔۔۔

" یہیں سویا تھا میرا بچہ "

اس کے چہرے پر تشویش کے آثار بڑھ گئے۔۔

کہاں ہے میرا بیٹا؟!"۔"

وہ اٹھ کھڑی ہوئی اور پاگلوں کی طرح پوری حویلی میں اپنے بیٹے کو تلاش کرنے لگی۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کبھی رسوئی میں جاتی تو کبھی غسل خانے میں۔۔۔

کبھی خواب گاہ میں تو کبھی صحن میں۔۔۔

کبھی حویلی سے ملحق آنگن میں۔۔

حویلی تو کافی بڑی تھی۔

رقیہ کے شوہر کی ساری زمین تھی۔۔۔

مگر عرصے سے ویران پڑی تھی۔۔۔۔

کیونکہ زمین زمین پر بسنے والے ہی اس کی رونق بناتے ہیں۔ جس زمین پر کوئی نہ بسے وہ ویران پڑ جاتی ہے اور اجڑ جاتی ہے۔

رقیہ کی زمین بھی ویران پڑی تھی عرصے سے۔۔ کیونکہ اس زمین کی رونق تو چھن گئی تھی

وہ اپنی حویلی کے صدر دروازے سے نکلی تو سامنے گھر والی بوا چاہت چلاتی ہوئی سنائی دی

اسے۔۔۔۔

مارے اضطراب کے وہ ادھر لپکی۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بواچاہت کسی کو کوس رہی تھی۔۔۔

رقیہ نے ادھر جا کر دیکھا تو اس کا بیٹھا بواچاہت کی مرغیوں کے ڈربے میں بیٹھا تھا اور ساری مرغیاں باہر تھیں اور بوا اسے نکل جانے کو کہہ رہی تھی مگر اس پر کسی بات کا کوئی اثر نہیں ہو رہا تھا وہ بس ہنسی جا رہا تھا۔

رقیہ آگے بڑھی اور ہاتھ بڑھا کر اسے ڈربے سے باہر آنے کو کہا۔

مگر وہ آنے کا نام نہیں لے رہا تھا۔۔۔

"کون ہے یہ دقیہ ؟؟ تو جانتی اسے"

بواچاہت نے پوچھا تو رقیہ نے کہا

" یہ میرا بیٹا ہے"

رقیہ نے روتے ہوئے کہا

تیرا بیٹا وہ تو مر گیا نا"۔"

بواچاہت نے سرسری کہا

"نہیں بوا میرا پتر زندہ ہے"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

رقیہ کی آواز کا درد جان کر چاہت بھی تجسس اور فکر مندی کے مارے آگے بڑھی۔

پھر وہ دونوں اسے باہر نکالنے کے لیے کوشش کرنے لگیں۔

💔💔💔💔💔💔💔💔💔💔

شہزادی دل ربا پلنگ پر سو رہی تھی کہ ملکہ نور صبح جو کہ شہزادی دل ربا کی ممانی اور سلطان ذوالقرنین کی اہلیہ تھیں کمرے میں داخل ہوئیں۔۔۔۔دو خادمہ بھی ملکہ نور صبح کے ہمراہ تھیں۔ملکہ کے کہنے پر خادمہ دل ربا کو اٹھانے لگیں۔

"اٹھ جایئے حضور"

دل ربا ایک دم سے اٹھی۔

" ابا حضور سے کہیے ہمیں ابھی نہیں اٹھنا"

عادت سے مجبور دل ربا اپنے معمول سے بولی۔اسے لگا وہ اپنے محل ہے

لیکن اچانک سامنے آہنی ممانی کو دیکھ کر سوچ میں پڑ گئی پھر اس کی آنکھوں سے آنسو نکل گئے اور وہ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی۔۔۔۔

اس کی ممانی اس کے اس عمل سے شش و پنج میں مبتلا ہو گئی اور خادماؤں کو باہر جانے کو کہا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور دل ربا کی طرف لپکی۔۔۔

دل ربا سے ان کی اتنی زیادہ ملاقات کا بات چیت نہیں ہوئی تھی۔اس لیے اس سے بات کرنے میں تھوڑا ہچکچا رہی تھیں۔۔۔

" بیٹا"

انہوں نے اس کے پاس آکر کہا

" ممانی حضور ہمارے ابا اب نہیں رہے"

وہ پھر رونے لگی۔۔

کمرے کے باہر راہداری سے گزرتے سلطان ذوالقرنین کے کانوں سے یہ بات ٹکرائی اور وہ بجلی کی تیزی سے اندر آئے۔۔۔۔

" ک ک کیا"

سلطان کے چہرے پر ہوائیاں اڑ رہی تھیں۔۔۔

آتے ہی وہ روتی ہوئی دل ربا کے پاس آگئے اور

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اسے سینے سے لگایا۔۔

نور صبح پاس کھڑی ہو گئیں۔۔۔

"کیا ہوا میرے بچے اسفند ہندوئی کہاں ہیں؟؟"

سلطان نے بے اختیار پوچھا

" مر گئے میرے بابا"

دل ربا زور سے چلائی۔

میرے جینے کا آخری سہارا، میرے دکھ درد کا آخری ساتھی، میری امیدوں کا یکتا"

" سانجھی، میرے درد کا تنہا مداوا اب اس دنیا میں نہیں رہا

دل ربا کی آنکھوں سے بہنے والا آنسوؤں کا دھارا شدید ہو گیا اور ایسا ہی اس کی آواز میں

موجود درد کے ساتھ تھا۔

"کی کیا کہہ رہی ہو؟"

سلطان چلائے

"سلطنت"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سلطان کچھ بولنے ہی لگے تھے کہ دل ربا پھر سے بات کاٹ کر بولی۔

سلطنت بھی نہیں رہی ماما جی۔۔۔"

سب ختم ہو گیا۔۔

"سب ختم ہو گیا

دل ربا چلانے لگی۔۔۔

ملک سائبان کے بادشاہ مغیب نے چھین لیا ہم سے سب کچھ سب کچھ چھین لیا۔۔۔"

" میری ماں تو مجھے بچپن میں چھوڑ گئیں اکیلے ابا تھے میرے انہوں نے ان کو بھی مار دیا

بادشاہ مغیب نے مار دیا اسفند کو"

" میں اسے نہیں چھوڑوں گا

سلطان چلائے

" حوصلہ رکھیے حضور"

ملکہ نے سلطان کو کندھوں پر ہاتھ رکھ کر کہا

ہٹیے یہاں سے ہمارے ہوتے ہوئے ہمارے بہنوئی کا قتل ہو گیا ہمارے بہنوئی سے ملک"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

چھن گیا ہماری بھانجی گھر بے گھر ہو گئی۔۔

ہم آرام سے کیسے بیٹھ جائیں۔۔

"نہیں بیٹا مجھے سب تفصیل سے بتاؤ

سلطان نے آگے بڑھ کر اسے تھاما

" اس سب کا کارن وہ شہزادہ سرمد ہے"

دل ربا نے اپنے آنسو صاف کرتے ہوئے کہا تو راہداری میں کھڑے شہزادے سبکتگین

نے یہ بات سن لی اور وہ دنگ رہ گیا

سرمد وہی جس پر ابا حضور کو جان سے زیادہ بھروسا تھا اماموں اس نے ہمیں دھوکا دیا اور"

" اسی کی وجہ سے میرے ابا اس دنیا میں نہیں رہے

دل ربا پھر سے پھٹ پڑی۔۔

اتنی دیر میں سبکتگین بھی اندر آ چکا تھا

"کیا کہا پھوپھا اب نہیں رہے اور؟؟"

اس سے پہلے سبکتگین آگے کچھ کہتا دل ربا بول پڑی۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"سلطان مغیب کے بیٹے شہزادہ سرمد کا رن ہے میرے ابا کی موت کا"

دل ربا چلائی

میں اسے نہیں چھوڑوں گا"۔"

سبکتگین چلایا۔۔

ایک دم۔سے صوفی محمد علی کی باتیں اس کی دماغ میں آئیں

تم سے پہلے بھی یہاں ایک شخص آیا کرتا تھا۔اسے بھی کسی سے عشق ہوا تھا۔میں نے")

اسے عشق سے مکر جانے کو کہا۔مگر عشق اس کی رگ رگ میں بس چکا تھا۔اس نے میری

بات نہ مانی اور نتیجتاً اسے بہت برا انجام بھگتنا پڑا۔وہ خود کو کھو چکا ہے۔تمہیں بھی میں

"عشق سے دور رہنے کو کہوں گا پتر

محمد علی نے بات آگے پڑھائی تو ڈرے سہمے انداز سے سکتگین نے پوچھا

""وہ کہاں ہے اب؟؟"

پتا نہیں کہاں ہے؟؟؟"

وہ دیوانہ بن گیا تھا پتر۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عشق نے دیوانہ کر دیا تھا اسے۔۔۔۔

"اب خدا ہی جانتا ہے وہ کہاں ہے؟؟؟"

محمد علی کی آنکھ سے آنسو نکلنے لگے

"وہ کون تھا صوفی صاحب؟؟"

("شہزادہ سرمد")

نہیں سرمد ایسا کیسے کر سکتا"۔"

اسے نہ جانے کیوں لگا دل ربا جھوٹ کہہ رہی۔۔۔

میں اپنے باپ کی اپنی ماں کی قسم کھا کر کہتا ہوں میں اپنی بہن کی آخری امانت دل ربا"""

کے باپ اور اپنی بہن کے شوہر کے قاتل کو اپنے اس ہاتھ سے قتل کروں گا میں اس

" شہزادے سرمد کو انجام تک پہنچاؤں گا

سلطان نے بڑے عزم سے جیب سے چاقو نکال کر ہتھیلی پر مار کے خون نکال کر عہد لیا

تم کیا کہتے ہو سبکتگین"۔"

سبکتگین سوچوں میں گم تھا۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیا تم میرے ساتھ یو عزیز فرزند؟؟؟"۔"

سبکتگین نے بنا سوچے سمجھے جواب دیا۔۔۔

میں ساتھ ہوں اُپ کے ابا حضور"۔"

💖💖💖💖💖💖💖

" آجا میرا پتر تجھے روٹی کھلاؤں"

رقیہ بیگم اپنے بیٹے کو سامنے منجھی پر بٹھائے روٹی کھلانے کے درپے تھیں مگر ان کا بیٹا بار

بار ہنسی جا رہا تھا۔۔۔

وہ اس کے منہ میں نوالا ڈالتیں تو وہ تھوک دیتا اور کھلکھلا کر ہنس دیتا

" رزق ضائع نہیں کرتے پتر۔یہ اللہ کی نعمت ہے"

رقیہ نے پیار سے اس کے بالوں میں ہاتھ پھیرا تو وہ پھر سے ہنسنے لگا

یہ میں کس کو سمجھا رہی ہوں۔۔۔"

" کبھی میرا بیٹا زندگی کے سب مصائب سمجھتا تھا مگر اب

اس کی نوزائیدہ جھریوں والی گال پر آنسو آ گرا۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مجھے اس سوہنے رب پر بھروسا ہے"

مجھے یقین ہے اپنے رب پر

جس نے آزمائش میں ڈالا ہے اس آزمائش سے نکلنے کا راستہ بھی وہی بتائے گا

وہی تو سب سے بڑا تدبیر چلنے والا ہے"۔

رقیہ نے ایک امید دل میں بساتے ہسئے دبے لبوں کہا اور اپنے بیٹے کی طرف دیکھا جو لب ہلا رہا تھا جیسے رقیہ کہ باتوں کی اسے سمجھ آرہی تھی اور اس کی باتوں پر آمین کہہ رہا ہو

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

باب دوم

آرزو زندگی کی

خزاں کے بعد جاڑا آیا۔ پھر وہ بھی گزر گیا۔ پھر سے بہار آ رہی تھی اب۔۔

جنگلوں میں درختوں پر جمی برف کی تہہ آب سورج کی تپش سے پگھلنے لگی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

صرف یہی نہیں ننھی ننھی کونپلیں بھی اب جنم لینے لگی تھیں۔یہ ننھی منی کونپلیں فطرت کے پھر سے پھلنے پھولنے کی علامت ہوتی ہیں۔یہ اس بات کا سنگیت دیتی ہیں کہ باد صرصر جتنے مرضی طوفان لا کھڑا کرے آندھی تھم ضرور جاتی ہے اور پھر آندھی کے بعد فطرت کی آغوش پھر سے پھلنے پھولنے لگتی ہے۔۔۔۔

بہار کے آغاز سے لے کر بہار کے اختتام تک کا وقت سب سے دلفریب اور خوش نما ہوتا ہے کیونکہ اس میں خوشیوں کی تابانی ہوتی ہے

خوشحالی کی ہریالی ہوتی ہے راحت وارام کا چرچا ہوتا ہے تو چین کی بانسری بجائی جاتی ہے

۔۔۔

نئی نئی آنے والی بہاریں سارے عالم میں اپنی دھومیں مچا رہی تھیں مگر سوائے ان دونوں کے جو ایک مرقد کے پاس کھڑی تھیں اور رو رو کر اس قبر میں مدفن وجود سے گلے شکوے کر رہی تھیں۔۔۔

بہار کی ہوائیں ان کے وجود سے بھی ٹکرا رہی تھیں مگر ان پر بہار کا رتی برابر اثر نہ تھا۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" سحرش میری بہن تیری بہت یاد آتی ہے ہمیں"

ان دونوں لڑکیوں میں سے ایک نے کہا۔اور قبر پر ہاتھ رکھ کر پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی۔

دوسری نے کچھ نہ کہا مگر آنسو بہا کے اپنے سوگ کا اظہار کیا۔دونوں کے چہرے تہ نقاب چھپے ہوئے تھے۔۔

"سحرش میری پیاری بہن یاد ہے ہم تینوں تم میں اور فرزانہ مل کر ان بہاروں کا سواغت کرتی تھیں۔۔

کسی طرح ان خوبصورت فضاؤں میں جھولتی تھیں ہم۔۔۔

کیسے ان خوبصورت ہواؤں میں مہکتی تھیں ہم ہواؤں کی طرح۔۔۔۔

زندگی ہم تینوں تک محدود تھی ہماری۔۔۔

" ہم تینوں جیسے ایک دوجے کے لیے ہوں

وہ رکی اور قبر کے قریب بیٹھ گئی۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دوسری بھی اس کے پاس بیٹھ گئی۔

کتنی خوبصورت تھی ہماری دنیا۔۔"

ہم عنبر کی لامحدود سرحدوں کو چھوتی تھیں تو شفق کے خوبصورت رنگوں میں گھلتی تھیں

۔ہم خورشید کی کرنوں میں خود کو ڈھالتی تھیں تو چاند کی چندہ میں خود کو سجاتی تھیں۔

نہ جانے کیوں یہ سارے آب وتاب یہ رونق ہستی مٹادی گئی۔۔۔

ہم جو تسبیح کے دانوں جیسی تھیں ہمیں بکھیر دیا گیا جیسے گل کی خوشبو بادصبا بکھیر دیتی ہے

۔۔۔۔

آج بھی ہمارا انگ انگ تیری صدا کرتا ہے اور تجھے پانے کی جستجو کی کرتا ہے

مگر جو لوگ مر جاتے ہیں وہ بڑے بے پرواہ ہو جاتے ہیں اس دنیا اور یہاں کی ہر چیز سے

۔"۔۔۔

....وہ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی تو اس کے ساتھ بیٹھی اسے دلاسہ دینے لگی

پھر وہ دونوں اٹھ پڑی اور آخری بار قبر کو دیکھ کر آگے بڑھ گئیں۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

قبرستان سے نکل کر وی شہر میں آ گئیں۔۔۔

پھر وہ سڑک پر چلنے لگیں

اب ان کا رخ شاہی محل کی طرف تھا۔۔۔

یہ دونوں ملک مہیب کی خاص باورچی تھیں۔۔

لوگ کہتے تھے کہ ملک مہیب پر پہلے سلطان اسفند ہندوئی کی حکومت تھی اور اس زمانے میں یہ محل کی رقاصائیں تھیں مگر پھر ملک سائبان کے بادشاہ مغیب نے ملک مہیب ہر حملہ کیا اور جنگ جیت گیا اور جنگ جیتنے کے بعد سلطان مغیب نے اپنی دونوں سلطنتوں کو یکجا کر لیا۔۔

سلطان اسفند ہندوئی اور ان کی اکلوتی بیٹی شہزادی دل ربا کو ملک بدر کر دیا گیا اور تب ان رقاصاؤں کو خانساماں بنا دیا گیا تھا۔۔۔

جونہی وہ محل کے دروازے پر پہنچی تو صدر دروازے پر کھڑے دربان نے ان دونوں کو سر جھکا کر سلام کیا تو انہوں نے بھی سلام کا ایسے ہی جواب دیا اور اندر چلی گئیں۔۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

محل کے دروازے سے نکل کر وہ سامنے شاہی باغ میں سے گزرتی اندر کی طرف جا رہی تھیں کہ ایک خادم ان سے آ مخاطب ہوا

سعدیہ جی فرزانہ جی۔۔۔۔"

" حضور آپ کے ہاتھ کا بنا سوجی کا حلوہ کھانا چاہتے ہیں

یہ کہہ کر وہ چلا گیا تو سعدیہ اور فرزانہ اندر کی طرف پولیں

💔💔💔💔💔💔

" آج بڑے دنوں بعد آمد ہوئی ہے عزیز"

صوفی محمد علی سے شہزادہ سبکتگین ملنے آیا تھا اور ان کے سامنے بیٹھا تھا۔اور وہ اس مخاطب تھے۔۔۔۔

" صوفی صاحب بس وقت ہی نہ ملا"

شہزادے سبکتگین نے بات ٹالنے کی کوشش کی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

خزاں کے بعد جاڑا بھی گزر گیا آپ کو اب ہماری یاد آئی عزیز اور پھر وقت کو دوش"

دے رہے ہو پتر۔۔۔۔

اپنی کوتاہیاں وقت پر نہیں ڈالنی چاہیئں۔۔۔

بلکہ ان کوتاہیوں کا بدلہ اتارنا چاہیے۔۔

" وقت موقع دیتا ہے ہمیں۔۔۔اپنی کوتاہیوں کی برپائی کا۔۔۔اس سے فائدہ اٹھانا چاہیے

محمد علی نے وضاحت کرتے ہوئے کہا

صوفی صاحب میں شہزادے سرمد کے بارے میں جاننا چاہتا ہوں اس روز جب میں آیا تو"

" آپ نے مجھے

سبکتگین کچھ کہنے والا تھا کہ صوفی صاحب نے اس کی بات کاٹ دی۔۔۔

کیوں اتنی چاہت کیوں ہو رہی ہے؟؟؟"

"کیا اپنی محبت سے منحرف ہونے کا سوچ لیا؟؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" نہیں صوفی صاحب محبت سے منحرف ہونا میرے لیے بہت مشکل ہے"

سبکتگین نے سرسری سا جواب دیا

پتر جی جس پہ آجائے نا اس کی یادوں سے نکلنا بہت مشکل ہو جاتا ہے ابھی بھی کوشش"

" کرلے اور طلب یار سے کنارہ کشی کرلے

نہیں صوفی جی یہ میرے لیے بہت مشکل ہے اتنا ہی مشکل جتنا اپنے یار کے قریب جانا"

"ہے میرے لیے۔۔۔

سبکتگین نے پریشانی اور مایوسی سے کہا۔

" میں سمجھا نہیں"

محمد علی سبکتگین کی بات نہ سمجھ پایا۔

میں اپنے یار سے ملنے سے ڈرتا ہوں بابا۔۔"

"اس کے رعب اور دبدبے سے خوف آتا ہے مجھے بابا۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سبکتگین نے خوفزدہ نگاہوں سے صوفی کو دیکھا تو اس کی آنکھوں کا خوف دیکھ کر صافی محمد علی بھی خوفزدہ ہو گئے۔۔۔۔



سعدیہ شاہی باغ میں بیٹھی رو رہی تھی کہ فرزانہ ستو کا ڈول پکڑے ادھر آ گئی۔۔

"پیلم سعدیہ (سعدیہ پی لو)"

فرزانہ نے سعدیہ کو ستو پینے کو دیا۔۔۔

مگر سعدیہ نے کچھ نہ کہا تو فرزانہ نے اس کے آنسو صاف کرتے ہوئے کہا

"سعدیہ مت روؤن۔۔تو آودی ماسی ہان آئن ملن سکھ (سعدیہ مت روؤ۔۔۔ تمہیں چاہیے اپنی ماسی سے مل آؤ اس سے تمہارا ذہن بدل جائے گا)"

"نہیں فرزانہ میں نہیں جا سکتی۔۔"

"اپنی بہنوں جیسی ساتھی کو اتنی جلدی میں نہیں بھول سکتی۔۔

"بھولن پڑے گا (بھولنا پڑے گا)"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

فرزانہ نے اسے سمجھانے کی انداز سے کہا۔۔۔

" اور ویسے بھی فرزانہ ماسی یہاں نہیں رہتی وہ سلطنت شہلار ہتی ہے"

سعدیہ نے بات سنی ان سنی کرنا چاہی

لیکن ان دونوں کو کیا خبر کہ شاہی باغ میں چہل قدمی کرتے سلطان مغیب نے ان کی ساری باتیں سن لی ہیں

💔💔💔💔💔💔💔💔💔💔

" ماما جی آپ کو ہماری بات ماننی ہی ہو گی"

شہزادی دل ربا شاہی باغ میں آبشار کے پاس کھڑی تھی اور سلطان ذوالقرنین اس کے پیچھے کھڑے تھے۔ شہزادی نے سلطان سے منہ موڑا ہوا تھا جیسے وہ سلطان سے ناراض ہو

" ماما جی ہم اپنے دشمن سے خود لڑیں گے"

دل ربا سلطان سے مخاطب تھی۔

نہیں بیٹا تم ہماری بہن کی اکلوتی نشانی ہو۔۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ہم تمہارے ساتھ یہ ظلم کبھی نہی کریں گے

سلطان نے بیچارگی سے کہا

مگر کیوں؟؟ کیوں ماما جی؟؟"

ہمیں اجازت دیجیے کہ ہم اپنے بابا کے قتل کا بدلہ لے سکیں۔۔۔

دیکھیں ملک سائبان کو اور ملک مہیب کو کیسے خوشی کے دیے روشن ہیں ادھر اور پچھلے

ڈیڑھ سال سے میری زندگی آگ کی زینت بنی ہے۔۔۔

اپنے بابا کو کھوئے مجھے ڈیڑھ سال ہونے کو ہے۔

ہر جگہ بہار آنے کو ہے مگر میری زندگی کو خزاؤں کے بھنور میں دھکیل کر وہ لوگ خود

" خوشیوں کی شمع جلا رہے ہیں ماما جی

دل رباجوش سے چیخنے لگی تھی

ہم اپنے بہن کو کیا جواب دیں گے کہ ہم اس قابل نہیں کہ اپنی اکلوتی بھانجی کے لیے ہم"

" اس کے دشمنوں سے لڑیں

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سلطان نے جواب دیا

ماما جی پچھلے کئی مہینوں سے یہی سمبات سمجھا رہی ہوں میں۔۔۔"

میں یہ نہیں چاہتی کہ آپ کچھ نہ کریں میں چاہتی ہوں بس اپنے ابا کے قاتل کو اپنے ہاتھ سے سزا دوں۔۔۔

" ماما جی آپ نے میری ماں کی قسم کھائی تھی کہ آپ اس سب میں میری مدد کریں گے بیٹا ہم کب مکرے اپنی قسم سے ہم صرف تمہاری بھلائی چاہتے ہیں ہم چاہتے ہیں ہماری"

" بھانجی پر کوئی خراش بھی نہ آئے ورنہ کل روز حشر اپنی بہن کو کیا منہ دکھائیں گے

سلطان کے لہجے میں بیچارگی بڑھ رہی تھی۔

ماما جی آپ کچھ بھی کیجیے لیکن جب وہ قاتل آپ کے ہتھے لگ جائے ناتو اسے موت ہم"

" دیں گے

دل ربا نے نفرت بھری نگاہوں سے کہا

کیوں نہیں ہمیں منظور ہے"۔"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سلطان نے آمادگی کا اظہار کیا تو دل ربا نے سلطان کی طرف رخ پھیرا

" اور ہمیں بھی ماما جی"

پھر دل ربا سلطان ذوالقرنین کے گلے لگ گئی اور وہ اسے تھپکی دینے لگے

💖💖💖💖💖💖💖

سلطان مغیب بڑے نیک دل انسان تھے سعدیہ اور فرزانہ کی باتیں سننے کے بعد انہوں نے سعدیہ کو خود اس کی ماسی کے ہاں جانے کی اجازت دی اور صرف یہی نہیں انہوں نے شاہی سواری پر اسے ملک شہلا روانہ کر دیا۔۔۔

فرزانہ محل کی بالکونی پر بیٹھی دور سعدیہ جس بگھی میں جاتا دیکھ رہی تھی اور آنسو بہا رہی تھی۔یہی حال بگھی میں بیٹھا سعدیہ کا تھا۔

سلطان نے کھانے پینے کی اور تمام ضرورت کی اشیاء کے ساتھ سعدیہ کو رخصت کیا اور ساتھ دو سپاہی بھی بھیج دیے تاکہ وہ سعدیہ کی حفاظت کر سکیں۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اندھیرا چھانے لگا تھا۔ بگھی جنگل سے گزر رہی تھی اور جنگلی جانوروں کی آوازوں سے سعدیہ کو گھٹن ہونے لگی

سلطان مغیب بڑے نیک دل انسان تھے سعدیہ اور فرزانہ کی باتیں سننے کے بعد انہوں نے سعدیہ کو خود اس کی ماسی کے ہاں جانے کی اجازت دی اور صرف یہی نہیں انہوں نے شاہی سواری پر اسے ملک شہلا روانہ کر دیا۔۔۔

فرزانہ محل کی بالکونی پر بیٹھی دور سعدیہ جس بگھی میں جاتا دیکھ رہی تھی اور آنسو بہا رہی تھی۔یہی حال بگھی میں بیٹھا سعدیہ کا تھا۔

سلطان نے کھانے پینے کی اور تمام ضرورت کی اشیاء کے ساتھ سعدیہ کو رخصت کیا اور ساتھ دو سپاہی بھی بھیج دیے تاکہ وہ سعدیہ کی حفاظت کر سکیں۔۔۔

اندھیرا چھانے لگا تھا۔ بگھی جنگل سے گزر رہی تھی اور جنگلی جانوروں کی آوازوں سے سعدیہ کو گھٹن ہونے لگی۔۔۔۔

ذہن میں طرح طرح کے وساوس آ رہے تھے۔۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" یااللہ میری حفاظت فرمایئے"

اس نے دعا کے لیے ہاتھ اٹھا لیے۔۔۔

بگھی کی حفاظت کے لیے جو دو سپاہی تھے ایک بگھی چلا رہا تھا اور دوسرا گھوڑے پر پیچھے بیٹھا اونگ رہا تھا

اچانک ایک خونخوار کتا ادھر آنکلا اور زور سے بھونکنے لگا۔ بھونکتے ہوئے وہ بگھی کی طرف رواں تھا۔اس کی خوفناک آواز اور دل دہلا دینے والی صورت اور ارد گرد اندھیرا ۔۔سعدیہ کا دل یہ منظر دیکھ کر دہل گیا۔۔۔

کتا بدستور بگھی کی طرف رواں تھا۔

دونوں سپاہی بگھی سے اترے اور کتے کی طرف دوڑے۔۔۔

اونگتا ہوا سپاہی بھی کتے کی آواز سے جاگ گیا تھا۔

" یااللہ خیر"

سعدیہ نے دل میں دعا کی۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سپاہی کتے کو دور بھگانے کے لیے دوڑے۔۔۔

انہوں نے تلوار سے کتے پر وار کیا مگر کتا پرے ہٹ گیا۔۔۔

ادھر جب وہ سپاہی کتے پر حملہ کرنے میں مصروف تھے۔۔کچھ نقاب پوش بگھی کی طرف دوڑے جن کو سعدیہ نے دیکھ لیا تھا

یہ ضرور لٹیرے ہیں۔یااللہ میں کہا کروں"

" میری مدد فرمایئے ان لٹیروں سے

وہ کپکپانے لگی۔

نہیں سعدیہ تمہیں ہمت نہیں ہارنی چاہیے۔"

تم تو بہت بہادر ہو۔۔

اپنے دل کو مضبوط کرو اور اپنے رب پر بھروسا رکھو۔۔۔

وہ پتھر سے چشمہ نکال دیتا ہے۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ آگ کو جنت بنا دیتا ہے۔۔۔۔۔

" وہی ہے جو سارے راستے بند ہو جانے پر بھی راستہ کھول دیتا ہے

سعدیہ خود کو حوصلہ دینے لگی۔

اور نقاب اوڑھ کر جھٹ سے بگھی سے کود پڑی۔۔۔

ڈاکو بھی اس کے پیچھے دوڑنے لگے۔۔۔۔

💖💖💖💖💖💖

میں اپنے یار سے ملنے سے ڈرتا ہوں بابا۔۔

"اس کے رعب اور دبدبے سے خوف آتا ہے مجھے۔۔۔

سبکتگین نے خوفزدہ نگاہوں سے صوفی کو دیکھا تو اس کی آنکھوں کا خوف دیکھ کر صوفی محمد علی بھی خوفزدہ ہو گئے۔۔۔۔

" کیا خوف آتا ہے"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

صوفی صاحب نے دریافت کیا

مجھے خوف آتا ہے کہیں وہ مجھے ٹھکرا نہ دے۔۔۔۔"

کہیں میری محبت سر بازاری رونڈی نہ جائے۔۔۔

" کہیں مجھے عشق کرنے کی سزا میں ساری عمر محبوب سے دور نہ رہنا پڑ جائے

سبکتگین نے رنجیدہ انداز سے کہا

محبت کرنے والے ڈرتے نہیں ہیں پتر"

وہ تو بہادر ہوتے ہیں۔۔۔

محبت بہادر بنا دیتی ہے۔۔۔

محبت کرنے والوں کو نہ تو ٹھکرائے جانے کا خوف ہوتا ہے اور نہ ہی محبت کی سزا کا پتر۔۔۔

وہ تو بس خود اپنے یار میں رچ جاتے ہیں اور ان کا یار ان میں۔۔۔

پھر خوف کیسا سزا کیسی؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ان کے لیے معنی نہیں رکھتی۔۔۔۔

"اگر محبت کے رستے پر چلنے کا سوچ لیا ہے نا تو خود میں وہ صفات بھی لاؤ۔۔۔۔

صوفی صاحب اسے سمجھانے لگے

مجھ میں وہ صفات کیسے آئیں گی؟"

" میں سچا عاشق کیسے بنوں گا

سبکتگین نے مارے حیرت کے پوچھا

لانی کیا ہیں

اگر تمہارا عشق کامل ہوا تو سچے عاشقوں کی صفات خود ہی تم میں آجائیں گی۔۔

"بس اپنے یار کی مرضی کو اپنا شیوہ بنالو۔۔۔

صوفی صاحب کو جمائی آگئی

" چل پتر ہن میرے سونے کا وقت ہوا جاتا ہے تو بھی جا رات بڑی ہو گئی"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

صوفی صاحب نے اسے جانے کو کہا۔۔۔۔

تو سبکتگین حیرت سے اٹھ کر چلا گیا۔۔۔

اگر تمہارا عشق کامل ہوا تو سچے عاشقوں کی صفات خود ہی تم میں آجائیں گی۔۔"

"بس اپنے یار کی مرضی کو اپنا شیوہ بنالو

صوفی صاحب کی باتیں ذہن میں چل رہی تھیں اور وہ خود سے طرح طرح کے وعدے کر رہا تھا

💔💔💔💔💔

اندھیری رات میں جنگل کی حالت انتہائی خوفناک تھی۔۔ جنگلی جانوروں کی آوازیں منظر کو مزید ہولناک بنا رہی تھیں۔۔۔

کھٹمل ، ٹڈیوں اور دیگر حشرات الارض کی آوازیں بھی منظر کو خوفناک بنانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑ رہی تھیں۔۔۔۔

ایسے میں سعدیہ تنہا جنگل میں دوڑ رہی تھی۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اندھیرے سے انسان کو گھبراہٹ ہونا اس کی فطرت میں ہے۔۔اندھیرا انسان پر وحشت طاری کر دیتا ہے۔۔اور جب یہ وحشت انتہا سے زیادہ بڑھ جاتی ہے تو پہلے انسان کو ارد گرد ماحول سے وحشت ہوتی ہے پھر خود سے اپنے وجود سے اپنے جسم کے ہر ایک عضو سے وحشت ہونے لگتی ہے۔۔۔۔

اپنے ہاتھ پیر حتی کہ اپنے ضمیر سے بھی اسے خوف آنے لگتا ہے یہی وجہ ہے کہ انسان اندھیرے سے دور بھاگتا ہے

سعدیہ کا سارا وجود پسینے سے بھیگا ہوا تھا۔ایک تو اندھیرے کی وحشت دوسرا لٹیروں سے پکڑے جانے کا خوف۔۔۔۔

میں کیا کروں میرے اللہ"

" میں کیا کروں

بھاگتے ہوئے لبوں مین بڑبڑائی

ان درندوں سے میں تنہا نہیں لڑ سکتی۔۔۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آپ میرے لیے کوئی راستہ نکالیے۔۔۔

" میرے اللہ میری مدد فرمایئے

ڈاکو اس کے بہت قریب پہنچ گئے تھے۔۔

اچانک تیز آندھی چلنے لگی۔۔۔۔

" شاید میرے اللہ نے امداد بھیج دی ہے"

سعدیہ مسکرائی اور آندھی کے بھنور کو چیرتی ہوئی دوڑنے لگی۔۔۔

وہ اتنی تیز رفتار سے دوڑی کہ آندھی کے بھنور اس کا راستہ نہ روک سکے

آج سے پہلے وہ اس قدر پھرتی سے پہلے کبھی نہ دوڑی تھی۔۔شاید کوئی غیبی قوت تھی جو اسے کھینچے چلے جا رہی تھی۔۔۔۔

ڈاکوؤں کی آنکھوں میں تیز آندھی کی مٹی پڑ گئی۔۔چلنا ان کے لیے محال ہو گیا تھا۔۔۔

بالآخر ان کو رکنا پڑا۔۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آندھی چھٹی تو اس کے ہوا اس بحال ہوئے۔۔۔۔

وہ جنگل سے بہت دور آگئی تھی۔۔۔۔

اسے نہیں پتا تھا وہ یہاں کیسے آئے؟؟؛

بس اتنا یاد تھا کہ وہ بہت تیز دوڑی ہے اور دوڑتے ہوئے یہاں آگئی ہے۔۔۔۔

یہ کوئی بستی تھی۔۔۔

یہاں ہر طرف سناٹا تھا۔۔۔

سب لوگ تاریکی میں سو رہے تھے۔۔۔

رات کی اس تاریکی میں جب سب لوگ اپنے خیالوں کی حسین دنیاؤں کے چکروں میں گھوم رہے ہوتے ہیں کچھ لوگ ایسے بھی ہوتے ہیں جو اللہ تبارک و تعالی کی حمد و سنا کر رہے ہوتے ہیں جو اپنے رب کو پانے کے لیے اپنے خیالوں کو ذبح کر دیتے ہیں

یہی وہ لوگ ہوتے ہیں حق کو پھیلاتے ہیں۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جواندھیروں میں بھی حق کی مشعل کو روشن رکھتے ہیں۔۔۔۔

اس بھرے اندھیر نگر میں سعدیہ کو ایک گھر میں روشن دکھائی دی۔۔۔

وہ اس کوٹھری کی طرف لپکی۔۔۔

اور دہلتے دل کے ساتھ دروازے پر دستک دی

تھوڑی دیر بعد ایک خاتون نے دروازہ کھولا جس نے اپنا سارا وجود ایک چادر سے ڈھانپا رکھا تھا

" اندر آجاو بیٹا تمہارا ہی انتظار تھا"

ڈری سہمی سعدیہ نے خاتون کی بات پر زیادہ دھیان نہ دیا اور سلام کر کے اندر چلی آئی۔

💖💖💖💖💖💖

" لگتا ہے رات کو بہت بڑا طوفان آیا ہے"

شہزادے سبکتگین نے تیر کو کمان میں ڈالتے ہوئے کہا۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ گھوڑے پر سوار اپنے دوستوں کے ساتھ تیر اندازی کھیلنے آیا تھا۔اس کی عادت تھی ہر روز صبح سویرے وہ فطرت کے رنگوں کو دیکھنے نکل آتا اور ساتھ میں دل بہلانے کے لیے کچھ کھیل بھی کھیل لیتا

" جنگل کی بری حالت یہی بتاتی ہے کہ طوفان کی شدت بہت زیادہ تھی"

اس کے دوست نے جواب دیا

ہاں دیکھو کیا حال کر دیا ہے طوفان نے ان درختوں کا۔۔"

"کیسے بکھیر دیے ہیں پودے؟؟

سبکتگین نے سامنے درخت پر لٹکے سیب کا نشانہ باندھا

ویسے نوشاد یہ سیب کا نشانہ کیوں کرتے ہو۔۔۔"

کچھ برا سوچو

جنہوں نے کام بڑے کرنے ہوں وہ معمولی منزلیں نہیں ڈھونڈتے ان کی منزلیں بھی بڑی ہوتی ہیں اور ان کے عزم بھی "

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سبکتگین نے اپنے دوست نوشاد سے کہا

" کیونکہ جناب والا مجھے سیب سے آگے کے ہنر ہی نہیں آتے "

اپنی نظر کے دائرے کو ایک جگہ روک نہیں لینا چاہیے میرے دوست۔۔۔۔اپنے "

سامنے پڑی ہر چیز کو اس سے بھی زیادہ سوچنا چاہیے۔۔

"اس میں موجود گہرائیوں کو سینچنا چاہیے۔۔۔

" یہ کیا درس دینا شروع کر دیا آپ نے "

نوشاد نے تنگ آکر کہا۔۔۔

" اچھا چلو محل چلتے ہیں پھر ابا حضور ناشتے پر دیری پر ناراض ہو جائیں گے "

سبکتگین نے بات بدلی

" ابا ناراض ہو جائیں گے یا کوئی اور "

نوشاد نے طنزاً کہا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" ارے تو بھی نا میں تو بس محبوب کی مرضی کو اپنا شیوہ بنانا چاہتا ہوں"

سبکتگین نے جواب دیا

" کیسا شیوہ"

اب جب وہ مجھ سے ملنا نہی چاہتی تو میں اس مرضی کے مطابق ہی ملوں گا نا جب قدرت "
" ہمیں ملنے کا موقع دے گی اور یہ صرف ناشتے کی میز پر ہے

سبکتگین نے جواب دیا

" بات تو ٹھیک ہے"

" اچھا پھر چلیں"

پھر وہ دونوں اپنے گھوڑے دوڑانے لگے

💖💖💖💖

" آندھی نے سب برباد کر دیا"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

رقیہ نے تباہ حال فصلوں کی طرف دیکھا۔وہ ایک مزارعین تھی۔اس کے پاس کچھ اور بھی عورتیں تھیں اور کچھ مزارع مرد بھی۔۔

یہ سب صبح سویرے کھیتوں میں آئے تھے

" آندھی ہمیشہ یونہی کرتی ہے سب کچھ برباد کر دیتی ہے"

ایک اور عورت نے کہا۔۔۔

رقیہ کا بیٹا کچھ فاصلے پر کھڑا تھا وہ بھی ان تباہ حال فصلوں کو دیکھ رہا تھا

پھر فصلوں پر بیٹھے ایک کوے کی طرف ہو لیا

کوا اسے دیکھ کر اڑ گیا تو وہ اس کے پیچھے دوڑنے لگا

محبت نے مارا مجھے"

" کوے کو بھی

وہ کھلکھلا کر ہنسنے لگا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سب لوگ اس کے پاگل پن کو دیکھ کر اس طرف دیکھنے لگے تو رقیہ نے آگے بڑھ کر اپنے بیٹے کو کھینچا۔۔

" خاموش ہو جا پتر "

اسے سینے سے لگا کر سہلانے لگی

💖💖💖💖💖💖

" ہاں تو کچھ خبر ہوئی آپ کو شہزادے سرمد کی "

سلطان ذوالقرنین نے کھانا کھاتے ہوئے سبکتگین سے پوچھا جو کھانا کھاتے ہوئے آنکھ بچا بچا کر دل ربا کو دیکھ رہا تھا اور ملکہ نور صبح اس کے اس عمل پر غور بھی کر رہی تھیں لیکن نظر انداز کر رہی تھیں۔۔

" نہیں ابھی تک نہیں "

سبکتگین نے معمولی سا جواب دیا

" اچھا سنیے ہم آپ کو ایک اور زمہ داری سونپ رہے ہیں عزیز فرزند "

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سلطان ذوالقرنین نے کہا

" جی ابا جان میں امید کروں گا آپ کی اس زمہ داری کو بھی تہہ دل سے سرانجام دون"

سبکتگین نے بڑے ادب سے کہا

" ہم اپنی بھانجی دل ربا کی جنگی تربیت آپ کے ہاتھ دیتے ہیں"

سبکتگین خراب سن کر ہوا اس باختہ ہو گیا

اسے سمجھ نہیں آرہا تھا وہ جھوٹے یا ناچے

💔💔💔💔💔

" لو پانی پیو"

سعدیہ ایک بڑے کمرے میں چٹائی پر بیٹھی تھی کہ وہ خاتون مٹی کا پیالہ لیے اندر داخل ہوئی

باہر سویرا ہو چکا ہے اب فجر کی نماز کا وقت بھی نکلا جاتا ہے نماز کا ادا کرو اور رب کا شکر ادا کرو جس نے ان لٹیروں سے تمہاری مدد کی بیشک وہ سب سے بہتر مدد کرنے والا ہے"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پیالہ پکڑاتے ہوئے اس خاتون نے سعدیہ سے کہا

پھر سعدیہ پانی پینے لگی اور وہ خاتون قریب بیٹھ کر تسبیح پڑھنے لگی

پانی پینے کے بعد سعدیہ نے اس خاتون سے وضو کرنے کے بارے میں پوچھا تو وہ اڈے وضو کے لیے کمرے سے باہر لے گئی

واپس آکر سعدیہ نماز پڑھنے لگی

نماز سے فارغ ہو کر سعدیہ اس عورت کی طرف رخ کر کے بولی

میں نہیں جانتی آپ کون ہیں"

" لیکن اس اندھیری رات میں میرے لیے اتج فرشتے سے کم نہیں

سعدیہ نے شکریہ ادا کرتے ہوئے انداز میں کہا

"میں صفوفہ ہوں"

" لو پانی پیو"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سعدیہ ایک بڑے کمرے میں چٹائی پر بیٹھی تھی کہ وہ خاتون مٹی کا پیالہ لیے اندر داخل ہوئی

باہر سویرا ہو چکا ہے اب فجر کی نماز کا وقت بھی نکلا جاتا ہے نماز کا ادا کرو اور رب کا شکر ادا"

" کرو جس نے ان لٹیروں سے تمہاری مدد کی بیشک وہ سب سے بہتر مدد کرنے والا ہے

پیالہ پکڑاتے ہوئے اس خاتون نے سعدیہ سے کہا

پھر سعدیہ پانی پینے لگی اور وہ خاتون قریب بیٹھ کر تسبیح پڑھنے لگی

پانی پینے کے بعد سعدیہ نے اس خاتون سے وضو کرنے کے بارے میں پوچھا تو وہ اڈے وضو کے لیے کمرے سے باہر لے گئی

واپس آکر سعدیہ نماز پڑھنے لگی

نماز سے فارغ ہو کر سعدیہ اس عورت کی طرف رخ کر کے بولی

میں نہیں جانتی آپ کون ہیں"

لیکن اس اندھیری رات میں میرے لیے آپ فرشتے سے کم نہیں

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"ویسے خالہ جی آپ کو میری آمد کا کیسے پتا چلا

سعدیہ نے شکریہ ادا کرتے ہوئے انداز میں کہا اور دوسرے سوال پر حیرانی کا اظہار کیا

"میں صفوفہ ہوں۔۔۔"

اس خاتون نے اپنا تعارف کراتے ہوئے کہا۔۔۔

میری ایک عزیز آنے والی تھی مجھ سے ملنے تو میں سمجھی وہ ہے"

اور پتر فرشتہ تو ہم خاکی کبھی نہیں ہو سکتے۔۔

ہم۔تو خطاؤں کی پوٹلی ہیں پتر۔۔۔۔

خاص طور پر میں کبھی نہیں ۔۔۔۔

" اور جس طرح خدا نے تیری نصرت کی تو مجھے خدا کی برگزیدہ بندی لگتی ہے

ارے خالہ جی یہ کیا کہہ رہی ہیں؟؟"

میں کیسے؟؟

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"میں تو۔۔

سعدیہ کچھ بولنے ہی والی تھی کہ صفوفہ نے اس کی بات کاٹ دی

پتا ہے معجزے کب ہوتے ہیں۔؟"

جب رب کسی بندے سے راضی ہو جاتا ہے نا تو اسے چن لیتا ہے۔۔۔۔

اور جب چن لیا جائے نا۔۔

پھر معجزے بھی ہوتے ہیں اور کرشمے بھی

اور تجھ پر خدا کا کرم خدا کی نصرت ایک کرشمہ ہی ہے میری بچی۔۔۔۔

خدا صرف خاص بندوں کو چنتا ہے

ورنہ عبادت کرنے والے تو ہزاروں بیٹھے ہیں۔۔۔

لاکھوں ساری رات سجدوں میں جھکے رہتے ہیں مگر وہ صرف کچھ خاص لوگوں کو چنتا ہے

"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

خالہ جی۔۔۔۔"

" ایسا مت کہیں

سعدیہ کی آنکھوں میں حیرت بھی تھی اور خوف بھی۔

"تو میرے گھر رحمت بن کر آئی ہے پتر۔۔۔"

مم مجھے نہیں پتا خالہ آپ کیا کہہ رہی ہیں؟"

" مجھے خوف آنے لگا ہے

سعدیہ ڈر گئی

یہ باتیں تمہیں سمجھ نہیں آئیں گی پتر۔۔۔"

جو مقام لاکھوں لوگ ساری ساری رات سجدے میں رہ کر نہ پا سکے وہ تو نے پا لیا

" شاید سوہنا رب تجھ سے بہت بڑا کام لینے والا ہے

صفوفہ نے اسے تسلی دی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مگر خالہ میں تو ایک عام سی لڑکی ہوں"

" آپ تو اللہ کی اتنی عبادت گزار بندی ہیں

سعدیہ بے یقینی کی حالت میں تھی

" میں میں"

صفوفہ ایک دم سے رونے لگی

" میں نیک نہیں ہوں پتر میں بہت گنہگار ہوں"

"کک کیا ہوا خالہ"

سعدیہ نے صفوفہ کو سہارا دیا

میں نہ تو اچھی بیوی بن سکی نہ ہی اچھی ماں"

" ادھر آؤ میرے ساتھ

صفوفہ چلنے لگی اور سعدیہ بھی قدم بڑھاتی اس کے پیچھے ہولی۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

صفوفہ چلتے چلتے اپنے گھر کے صحن تک آ گئی

صحن مٹی پر محیط تھا جو شبنم کی وجہ سے گیلی ہو گئی تھی۔

اندھیرا ابھی بھی اب کافی حد تک چھٹ چکا تھا۔ مدھم سی روشنی چاروں اور پھیل رہی تھی

ایک جگہ صحن میں صفوفہ رکی اور زمین کی طرف دیکھنے لگی

اس جگہ زمین تھوڑی ابھری ہوئی تھی

" یہ ابھار نظر آ رہا ہے نا"

صفوفہ نے خاموشی توڑی

یہ میری بیٹی ہے"

" یہ میری ویرنیکے ہے

صفوفہ نے غم زدہ انداز سے کہا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سعدیہ جھنجھلا گئی

" یہ میری بیٹی کی قبر ہے"

صفوفہ رونے لگی

اور جانتی ہو اس کو کس نے قتل کیا"

میں نے۔۔۔

میں نے قتل کیا

"ایک ماں نے اپنی بیٹی کا قتل کیا۔۔۔

وہ دیوانہ وار چلائی

تاریخ میں ظالم آئے ہوں گے تاریخ میں جابر آئے ہوں گے مگر مجھ سے ظالم کوئی نہ ہو گا"

" میں ایک بدنصیب اور بدقسمت ماں ہوں جس نے اپنی بیٹی کو ہی قتل کر دیا

سعدیہ حیرت کا بت بنے یہ سارا منظر دیکھ رہی تھی۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel



" سن رقیہ میری بات مان لے "

رقیہ کھیتوں میں بیٹھی ایک خاتون سے مخاطب تھی۔۔۔۔

" شیداں بہن بات تو مان لوں مگر اتنا سفر "

رقیہ نے اتنا کو کھینچتے ہوئے کہا

رقیہ ایک ہی تو تر اپتر ہے اس کی سلامتی کے لیے اتنا سفر کر لے اور چلی جا ادھر "

لوگ کہتے ہیں کہ اس خاتون کی دعائیں بڑی قبول ہوتی ہیں۔۔۔

چلی جا اس کے پاس اور جا کر اپنے اوریا کے لیے دعا کرا

شیداں نے رقیہ کو تسلی دیتے ہوئے کہا

کل یہاں سے ایک قافلہ جا رہا ہے اس بستی کو تو بھی چلی جا ان کے ساتھ اور جا کر دعا کرا"

"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شیداں نے اپنی چادر سمیٹی اور سر پر لی اور کھڑی ہو گئی

" ہن جا اور جا کے تیاری شروع کر میں قافلے والوں سے بات کرتی ہوں جا کر "

شیداں برقعہ پہن کر چلی گئی اور رقیہ آسمان کی طرف ہاتھ اٹھا کر دعا مانگنے لگی

" سوہنے رب بس مجھے میرے پتر کی سلامتی چاہیے پھر چاہے وسیلہ کچھ بھی ہو "

دعا مانگتے ہوئے اس کی آنکھوں سے ٹپ ٹپ آنسو گرنے لگے۔۔۔



اس بستی کے سب لوگ مجھے بہت پارسا اور نیک سمجھتے ہیں مگر سچ تو یہ ہے میں ایک بہت "

ہی گنہگار عورت ہوں۔۔۔

اس دنیا میں لاکھوں گنہگار ہوں گے

چوری ڈکیتی کرنے والے بھی ہوں گے

راتوں کو زنا کرنے والے بھی ہوں گے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بد دیانتی کرنے والوں کی بھی کثرت ہو گی

ریاکار بھی بے پناہ ہوں گے

لیکن میرا گناہ ان سب سے بڑا ہے

ماں جیسے رشتے کے تقدس کو پامال کر دیا

" اپنی ہی بیٹی کا قتل کر دیا میں نے

صفوفہ پر غشی طاری ہونے لگی تھی۔۔

خالہ "۔"

سعدیہ نے آگے بڑھ کر صفوفہ کو تھاما جو صحن کے فرش پر گر پڑی تھی۔۔۔

سعدیہ بے ہوش صفوفہ کو اٹھا کر سہارا دیتے ہوئے اندر بڑے کمرے میں لے گئی

پھر پانی صفوفہ کو پلایا تو صفوفہ کو ہوش آیا



Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تمام معروف و مشہور حکیم شاہی محل میں بلائے گئے تھے۔شہزادی دل ربا بیمار ہو گئیں تھیں۔۔اس سے شہزادے سبکتگین کے سارے خواب چکنا چور ہو گئے۔۔۔نہ جانے اس نے کیا کیا خواب سجائے تھے کہ تربیت دیتے ہوئے وہ دل ربا سے اپنے دل کی بات کہہ دے گا۔۔۔

وہ شاہی باغ میں تنہا پریشان بیٹھا تھا۔

مجھے محبت سے پھر جانا چاہیے"

" چھوڑ دینی چاہیے مجھے محبت

وہ خود سے مخاطب تھا

ہاں چھوڑ دینی چاہیے"

" وہ تیری قسمت میں نہیں ہے"

وہ ناامید ہو گیا تھا

"قسمت بنائی بھی جا سکتی ہے۔۔۔"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس کے اندر سے ایک آواز آئی اور اس کے چہرے کے تیور بدلنے لگے۔۔

جیسے اس مرجھاتے محبت کے پودے میں زندگی کی رمق ابھی بھی باقی تھی۔۔۔۔

باب سوم

ابتدائے محبت وانتہائے محبت

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

قافلہ جنگل کے بیچ سے گزر رہا تھا۔۔۔

سویرا دھیمے سے اس دنیا کو اپنی لپیٹ میں لے رہا تھا اور اندھیرا چپکے سے آنکھ بچا بچا کر جا رہا تھا۔۔یہی حال ان مسافروں کا بھی تھا جن کی منزل آجاتی تو وہ قافلے کے باقی مسافروں کو چپکے سے خیر باد کہتے اور ان کو پیچھے چھوڑ جاتے۔۔۔۔

کئی دوسرے راستے میں سے ساتھ مل جاتے۔۔

جب سے اس قافلے نے آغاز کیا تھا تب سے اب تک بیشتر لوگوں نے قافلے کو چھوڑا تھا اور اتنے ہی لوگ نئے آئے تھے۔۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

رقیہ نے اپنے ہم سفروں کو سلام کیا اور اپنے بیٹے کے ساتھ قافلے کو چھوڑ کر دور چلتی بنی

--

پچھلے ایک ہفتے سے وہ سفر کر رہی تھی اور آخر کار اپنی منزل پر پہنچ گئی۔۔۔

اپنی دوست شیدہ کے کہنے پر وہ اس بستی میں آئی تھی کیونکہ یہاں ایک خاتون رہتی تھیں جو اللہ سے دعا کر کے مشکلات کی دلدل میں پھنسے لوگوں کے دلوں کو تشنگیوں سے رفع کراتی۔۔اور اللہ بھی ان پر بہت مہربان تھا۔۔ان کی ہر دعا قبول کرتا۔۔۔

وہ بستی میں تو آ گئے تھے مگر اب اس خاتون کا پتا ڈھونڈنا باقی تھا



سلطان ذوالقرنین کا صبح سویرے سیر کرنے کا ارادہ ہوا تو اپنے ہم نواؤں کے ساتھ کھیتوں کے دورے پر چلے گئے۔۔یہ چار لوگ تھے جو گھوڑوں پر سوار تھے۔۔۔۔

اپنی پہچان چھپانے کے لیے انہوں نے چہروں پر نقاب کر کے رکھے تھے۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بادشاہوں کا دستور ہے کہ جب رعایا کے بیچ میں جاتے ہیں تو اپنی پہچان چھپا لیتے ہیں تاکہ کوئی ان کو پہچان نہ سکے۔۔۔

راستے میں جابجا سرسبز کھیت سلطان کی فطرت پسندی کو تاؤ دے رہے تھے۔۔۔

خوبصورت پھل دیکھ دیکھ کر سلطان کے منہ میں پانی بھر رہا تھا۔۔۔

" کھیتوں پر سے تازہ پھل کھانے کا اپنا ہی مزہ ہے"

سلطان کے ایک رفیق نے کہا

" بالکل درخت کی شاخ سے خود توڑ کھانے کا مزہ بڑھ جاتا ہے"

ایک دوسرے رفیق نے کہا

" تو چلو کسی کھیت سے تازہ میوے کھا لیتے ہیں"

سلطان ذوالقرنین نے ان کی ہاں میں ہاں ملائی۔۔

آپ کی اطلاع کے لیے جناب۔۔۔"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" جب ہم نکلے تھے سب مال و متاع چھوڑ کر آئے تھے کہیں کوئی ڈاکو چرا اڑا نہ لے

ایک چوتھے سے یاد دہانی کرائی

" سامنے والے کھیت میں کسان نہیں ہے اور دیکھو کتنے خوبصورت انار ہیں"

سلطان کے ایک رفیق نے کہا اور گھوڑا دوڑاتے ہوئے ادھر چلا گیا جا کر انار توڑنے لگا

سلطان اور باقی سب نے بھی اس کا پیچھا کیا اور اس طرف چلے گئے۔۔۔

سب جا کر انار توڑنے اور کھانے لگے۔۔

اس کھیت کی مالک ایک عورت تھی۔ تھوڑی دیر وہ کھیت میں آئی تو کیا دیکھتی ہے کچھ

نقاب پوش اس کے کھیت میں بیٹھے انار نوش کر رہے ہیں۔۔۔

عورت اس طرف لپکی۔۔۔

" اے عورت ہمارا ادھر سے گزر ہوا اور یہ خوبصورت پکے انار دیکھے تو جی لبھا گیا"

سلطان ذوالقرنین نے تعارف کراتے ہوئے کہا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ان اناروں کو ہم بہت محبت سے اگاتے ہیں اور محبت سے جو بھی کام کیا جائے وہ دل کو چھو"

" لیتا ہے

عورت نے مسکراتے ہوئے کہا

" بالکل صحیح کہا انار کی خوبصورتی اور شکل وشباہت محنت کا حسین مرقع ہے"

سلطان نے خوشامد کرتے ہوئے کہا

تو وہ عورت بھی خوش ہو گئی اور پاس ہی بیٹھ گئی

تھوڑی دیر تک جب وہ نہ اٹھے تو عورت کو اضطراب ہونے لگا

" اے نقاب پوش ان پھل کے دام"

عورت مضطرب انداز سے بولی

" دام؟دام کیوں؟؟ہم نے بتایا کہ یہاں سے گزرے اور یہ میوے اچھے لگے"

سلطان ذوالقرنین نے بات ٹالتے ہوئے کہا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جناب یہ اناج دام کے لیے اگاتے ہیں ہم اور ویسے بھی آپ کافی کھا چکے ہیں۔۔۔"

" دو چار ہوتے تو بات اور تھی

سلطان کا ایک ساتھی کھڑا ہوا

" اے عورت کیا تو ہم سے بھی دام لے گی"

اس نے عورت کی طرف دیکھ کر کہا

دام دینا ہر کسی پر فرض ہے"۔"

عورت اس کی بات نہ سمجھی

"کیا ان میوں کے بدلے میں تمہیں کچھ اور عطا کروں تو کیا پھر بھی تم بھی یہ دام لو گی؟"

اس کا رویہ مشکوک تھا۔۔۔

" ہم چار لوگ ہیں۔۔۔ "

اس نے عورت کو کن آکھیوں سے دیکھا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" خدا کا خوف کرو"

وہ عورت خوف سے باہر بھاگی تاکہ ارد گرد کے کسانوں کو مطلع کرے



شہزادہ سبکتگین اپنے روز کے معمول کے مطابق سیر اور شکار کر کے کھیتوں میں سے گزر رہا تھا ادھر آ کر وہ کسانوں کی مدد کرتا تھا۔

اس کی صفات فیضیانہ تھیں۔جود و سخا کوٹ کوٹ کر بھرا ہوا تھا اس میں۔۔۔۔

وہ اکثر ادھر آیا کرتا تھا۔۔۔

آج نوشاد اس کے ساتھ نہیں آیا تھا۔۔وہ اکیلا تھا۔۔۔

جونہی وہ کھیتوں کے بیچ میں سے گزر رہا تھا تو ایک عورت بھاگتی ہوئی آئی۔۔

اس کے ہوش اڑے ہوئے تھے

" حضور مجھے بچا لیں"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ ڈرتی سہمی بولی اور ڈر کی وجہ سے الفاظ صحیح طرح اس کی زبان سے نکل نہیں رہے تھے

" خالہ جی ہمت کریے میں ہوں آپ کے ساتھ "

سبکتگین نے عورت کو حوصلہ دیا تو وہ تھوڑی پر سکون ہوئی۔۔۔

اس نے سبکتگین کو کھیتوں میں ہونے والے سارے واقعے کے متعلق بتایا تو سبکتگین اس کے ساتھ ہو لیا۔۔۔

لیکن جونہی وہ وہاں پہنچے تو نقاب پوش غائب تھے۔۔



شہزادہ سبکتگین واپس محل پہنچا تو پتا چلا کہ شہزادی دل ربا صبح بے ہوش ہو گئیں تھیں تو ملکہ نور صبح نے شاہی طبیب کو بلوایا تھا۔

ابھی بھی وہ مطب ہی ہیں اور بے ہوش ہیں۔۔

شہزادہ سبکتگین یہ بات سن کر پریشان ہو گیا۔۔۔

" حکیم صاحب خدارا شہزادی صاحبہ کو بچا لیجیے ان کو کچھ نہ ہو "

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ دیوانہ وار طبیب کے پاس آیا اور کہنے لگا

طبیب کچھ جڑی بوٹیوں کو پیس رہا تھا

" شہزادہ حضور ہمت رکھیے "

طبیب نے کوٹنا بند کرتے ہوئے کہا

" خدارا طبیب جی ان کو کچھ مت ہونے دیجیے گا"

" حضور اس رب پر بھروسا رکھیے

جونہی طبیب نے کہا سبکتگین کی آنکھوں میں ایک چمک بھر آئی۔۔۔

~~~~~~~~

عشق کی ابتداء آسماں

عشق کی انتہا آسماں

زمیں کے مکینوں کو بھی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

عشق کرنے کی پاداش میں

عشق اٹھالے گیا آسماں

~~~~~~~~



یااللہ! میں بے تحاشا محبت کرتا اس سے۔۔۔"

اس قدر کہ میں بتا ہی نہی سکتا۔۔

یااللہ! میری محبت میرا پیار مشکل میں ہے

میرا پیار مر رہا ہے۔۔

اس کی حالت خراب ہوتی چلی جا رہی ہے۔۔۔

یااللہ حکیم بھی جواب دیتے چلے جا رہے ہیں۔۔

کسی کی پاس اس بیماری کا علاج ہی نہیں۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

آج بھی وہ صبح سے بے ہوش ہیں۔۔

یااللہ آپ کے پاس تو ہر بیماری کا علاج ہے۔۔۔

کوئی تو راستہ ہو گا کہ وہ ٹھیک ہو جائیں۔۔۔

میں نہیں رہ پاؤں گا اس کے بغیر۔۔۔

میرے بس میں ہوتا اپنی زندگی دے دیتا

لیکن میرے مولا یہ ممکن ہی نہیں بس میری ایک فریاد ہے میری محبت کی حفاظت فرمایئے

میری محبت کو کچھ نہ ہو۔۔۔۔

شہزادی دل ربا جلد از جلد صحت یاب ہو جائیں۔۔

مجھے آپ پر مکمل یقین ہے میرے اللہ کہ میری مدد فرمائیں گے آپ

اس بیماری کا کوئی تو علاج ہو گا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بس ہماری نظروں کے سامنے نہی ہے

یااللہ وہ علاج ہمیں دکھا دیجیے

" وہ رستہ سہلا دیجیے

شہزادہ سبکتگین اپنے کمرے میں کھجور کی چھال سے بنی صف پر نماز پڑھ رہا تھا اور گڑگڑا کر شہزادی دل ربا کی سلامتی کی دعا کر رہا تھا

~~~~~~~~

عشق کی ابتداء آسماں

عشق کی انتہا آسماں

زمیں کے مکینوں کو بھی

عشق کرنے کی پاداش میں

عشق اٹھا لے گیا آسماں

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

~~~~~~~~



سلطان ذوالقرنین کا دربار لگا تھا۔۔شہزادی دل ربا کا علاج مل گیا تھا مگر پریشانی کی بات یہ تھی کہ حکیم نے بتایا کہ جس پھول سے دل ربا ٹھیک ہوں گی وہ ہمالیہ کی پہاڑیوں پر ہے اور اسے ڈھونڈنا بہت ہی مشکل ہے۔۔

سب اسی بات پر پریشاں بیٹھے تھے۔۔۔

شہزادی نے کچھ بہت برا کھالیا تھا جس کی وجہ سے پیٹ میں عارضہ ہو گیا اور پہلے اس عارضے سے تپ چڑھا اور پھر بڑھنے لگا

شہزادہ سبکتگین دعا کر کے محل میں آیا تو ہر طرف سناٹا تھا۔۔۔

وہ سلطان کے برابر کی کرسی پر براجمان ہوا اور وجہ دریافت کی

" چاہے وہ پھول پاتال میں بھی ہو گا میں لے کر آؤں گا"

شہزادے سبکتگین عزم اور جذبے سے کہا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

مجھے راستہ بتا دیجیے میں وہ پھول لے کر آؤں گا"۔"

طبیب سلطان اور سب لوگ جو وہاں موجود تھے اسے دیکھنے لگے

~~~~~~~~

عشق کی ابتداء آسماں

عشق کی انتہا آسماں

زمیں کے مکینوں کو بھی

عشق کرنے کی پاداش میں

عشق اٹھا لے گیا آسماں

~~~~~~~~



CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

صفوفہ تسبیح پڑھ رہی تھیں۔۔ تسبیح کے دانے ایک ایک کر کے نیچے گرتے تو ٹک کی آواز آتی۔۔

سعدیہ سامنے بیٹھی کمرے کو غور سے دیکھ رہی تھی۔۔۔آج صفوفہ کے ہاں اس کا آخری دن تھا۔۔۔اسے اپنی ماسی کا پتا معلوم نہیں تھا۔۔۔

بس وہ اب اپنی ماسی کی تلاش شروع کرنے والی تھی۔۔۔پہلے بھی بہت عرصہ ہو گیا تھا صفوفہ کے ہاں رہتے ہوئے

اچانک باہر دروازہ کھٹکا

" میں کھول کر آتی ہوں خالہ"

سعدیہ نے کہا اور دروازہ کھولنے چلی گئی

سعدیہ نے جونہی دروازہ کھولا اور باہر دیکھا

ایک خاتون کھڑی تھی جس کے ساتھ ہی ایک جوان لڑکا تھا

جوان لڑکے پر نگاہ پڑتے ہی سعدیہ کی نگاہ اٹک کر رہ گئی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

~~~~~~~~

عشق کی ابتداء آسماں

عشق کی انتہا آسماں

صفوفہ تسبیح پڑھ رہی تھیں۔۔ تسبیح کے دانے ایک ایک کر کے نیچے گرتے تو ٹک کی آواز آتی۔۔

سعدیہ سامنے بیٹھی کمرے کو غور سے دیکھ رہی تھی۔۔۔آج صفوفہ کے ہاں اس کا آخری دن تھا۔۔۔اسے اپنی ماسی کا پتا معلوم نہیں تھا۔۔۔

بس وہ اب اپنی ماسی کی تلاش شروع کرنے والی تھی۔۔۔پہلے بھی بہت عرصہ ہو گیا تھا صفوفہ کے ہاں رہتے ہوئے

اچانک باہر دروازہ کھٹکا

" میں کھول کر آتی ہوں خالہ"

سعدیہ نے کہا اور دروازہ کھولنے چلی گئی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel
~~~~~~~~

سعدیہ نے جونہی دروازہ کھولا اور باہر دیکھا

ایک خاتون کھڑی تھی جس کے ساتھ ہی ایک جوان لڑکا تھا

جوان لڑکے پر نگاہ پڑتے ہی سعدیہ کی نگاہ اٹک کر رہ گئی

~~~~

عشق کی ابتداء آسماں

عشق کی انتہا آسماں

~~~~

وہ ایک جوان لڑکا تھا۔۔۔بوسکی رنگ کی قمیض اور سفید شلوار میں ملبوس تھا۔۔

چہرے پر داڑھی کے بال اس قدر کثرت سے تھے جیسے عرصے سے ان کی صفائی نہیں کی

داڑھی کے بال سینے تک آرہے تھے۔۔۔

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس نے سر جھکا رکھا تھا اور زمیں پر کسی چیز کو دیکھ رہا تھا۔۔۔

سعدیہ کو لگا جیسے وہ اس لڑکے کو جانتی ہے۔۔۔

کچھ تعلق ہے ان کے درمیان۔۔

کچھ بہت پرانا تعلق۔۔۔

مگر اسے سمجھ نہیں آرہا تھا

سعدیہ نے خاتون پر نگاہ نہیں ڈالی تھی مگر خاتون بدستور سعدیہ کو تکے جارہی تھی

" تم سعدیہ ہو"

وہ خاتون کچھ دیر کی خاموشی کے بعد بولی تو سعدیہ نے اس لڑکے سے نظر ہٹا کر خاتون کو دیکھا

" ماسی رقیہ"

سعدیہ حیرت سے چلائی۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"سعدیہ میری دھی"

رقیہ بھی حیرت اور جوش سے بولی

تو سعدیہ جا کر رقیہ کے گلے لگ گئی

مارے پیار کے رقیہ سعدیہ کا ماتھا چومنے لگی

وہ سب بھول گئے وہ اس وقت وہاں کیوں ہیں؟؟

بس ہم نوائیوں کا ایک دلفریب سلسلہ تھا

اچانک رقیہ کے بیٹے نے نظر دوڑائی اور رقیہ کی طرف دیکھا جو سعدیہ کو چوم رہی۔۔۔

جب سعدیہ رقیہ کے وجود سے پرے ہوئی تو رقیہ کے بیٹے کی نظر سعدیہ پر پڑی اور وہ

بدستور سعدیہ کو دیکھنے لگا

اور پھر کچھ کہنے لگا

نہ جانے وہ کیا کہنا چاہ رہا تھا اور کیا کہہ پایا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"مجھے دیکھو"

اس نے سعدیہ کو مخاطب کرنا چاہا

سعدیہ اور رقیہ نے جب اس کی آواز سنی تو اس کی طرف دیکھا

رقیہ کا بیٹا سعدیہ کو دیکھ کر مسکرانے لگا

" مجھے دیکھو"

اس نے پھر سے کہا

پھر چپ کر گیا اور پھر دیوانہ وار بولا

" محبت نے مارا مجھے"

پھر پاگلوں کی طرح ہنسنے لگا

پہلے عشق کرایا جائے گا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پھر عشق انتہا جائے گا

پھر عشق رلا جائے گا

پھر عشق ہنسا جائے گا

یہ ہے عشق کی داستان

عشق اٹھا لے گیا آسماں

سعدیہ اس کے چہرے کے ان بدلتے تیوروں کو دیکھ رہی تھی

"یہ یہ یہ کون خالہ؟"

" یہ اوریا ہے میرا پتر"

رقیہ نے اداسی سے جواب دیا اس کی آنکھوں میں نمی اگئی۔۔۔

جب سعدیہ رقیہ سے باتیں کرنے لگی تو رقیہ کا بیٹا پھر سے چلایا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کوے کو بھی محبت نے مارا"

" مجھے بھی

سعدیہ اسے دیکھ کر خوفزدہ ہو گئی۔۔۔

پھر عشق ہنسا جائے گا



شہزادہ سبکتگین شہزادی دل ربا کے علاج کے لیے پھول کی تلاش میں نکل گیا تھا۔ طبیب نے اڈے پھول تک کے پہنچنے کا سارا راستہ اچھی طرح سمجھا دیا تھا۔ اور وہ بھی ضرورت کی تمام اشیاء ساتھ لے کر گھوڑے پر سوار اپنی منزل پر رواں تھا۔

جونہی وہ شہر کی سرحدوں سے نکلا تو صوفی محمد علی کے غار کی جانب رواں ہو گیا۔ سہ پہر کا وقت تھا۔ جب وہ ادھر پہنچا تو اس نے دیکھا صوفی صاحب غار کے باہر تازہ فضا میں پرندوں

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کو دانہ کھلا رہے تھے۔انہوں نے ہاتھ میں باجرے کے دانے مٹھی میں تھما رکھے تھے اور سامنے پرندوں کی طرف اچھال رہے تھے۔۔

صوفی صاحب ساتھ ساتھ کچھ گنگنا رہے تھے۔۔

شہزادہ سبکتگین چلتے چلتے ان کے قریب آ گیا

اس نے گھوڑا پیچھے ہی درخت کے ساتھ باندھ دیا تھا۔۔۔

عشق کی ابتداء آسماں

عشق کی انتہا آسماں

زمیں کے مکینوں کو بھی

عشق کرنے کی پاداش میں

عشق اٹھا لے گیا آسماں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پہلے عشق کرایا جائے گا

پھر عشق انتہا جائے گا

پھر عشق رلا جائے گا

پھر عشق ہنسا جائے گا

یہ ہے عشق کی داستان

عشق اٹھالے گیا آسماں

سبکتگین پاس کھڑا صوفی صاحب کی گنگناہٹ سن رہا تھا

" کتنا خوبصورت کلام ہے "

جب صوفی صاحب نے کلام مکمل کیا تو سبکتگین نے کہا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" عشق کی حقیقت یہی ہے پتر "

صوفی صاحب نے باجرہ مٹھی میں لے کر اچھالا

صوفی صاحب میں آپ سے ملنے آیا ہوں کیونکہ میں ایک بہت بڑی مہم پر جا رہا ہوں۔۔"

"نہ جانے کب لوٹوں؟

سبکتگین مے دبے سے کہا

تو صوفی صاحب اسے دیکھنے لگے

"لگتا ہے محبت نبھانے کے چکر میں آ گئے ہو؟"

میں جس سے محبت کرتا ہوں صوفی صاحب وہ بیمار ہے بہت بیمار۔۔۔۔طبیب نے ایک" پھول بتایا ہے اور وہ پھول ہمالیہ کے پہاڑ سے ملے گا مجھے۔۔۔اس پھول سے اس کا علاج ہو گا۔۔۔

میں وہی پھول تلاش کرنے جا رہا ہوں۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" آپ دعا کریے گا میں کامیاب لوٹوں

سبکتگین مے مختصراً تفصیل بتائی

خدا تمہیں سرخرو کرے"

" اگر تمہارے حوصلے بلند ہوں گے انشاءاللہ تم کامیاب لوٹو گے

صوفی صاحب نے تھپکی دے کر کہا

میں اسے اس حالت میں نہیں دیکھ سکتا صوفی صاحب۔۔۔۔"

میں اس پھول کو حاصل کرنے میں اپنی ہر کوشش صرف کردوں گا

"اور پھر جب اسے ہوش آئے گا نا

سبکتگین کہیں کھو گیا تھا

میں اسے محبت سے دیکھوں گا اور کہوں گا"

" میں گیا تھا ہمالیہ کے پہاڑوں میں اور یہ پھول لایا جس سے آپ صحت یاب ہوئیں

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سبکتگین خیالوں میں محو تھا

" اس سے اسے میری محبت کا یقین بھی آجائے گا اور پھر مجھے میری محبت مل جائے گی "

سبکتگین مسکرا دیا

سنو پتر ایسی امیدیں مت پالو اپنے ذہن میں "

" جب امیدیں ٹوٹا کرتی ہیں ناتوان کے کانچ سے دل زخمی ہو جاتا ہے

صوفی صاحب نے کہا تو سبکتگین کے چہرے پر غمی چھا گئی۔

اس لیے پتر محبت کرنے والے انجام کی پرواہ نہیں کرتے وہ صرف اپنی محبت کی خاطر ہر "

قربانی دیتے ہیں۔۔۔انجام کی پرواہ کرنا ان کا دستور نہیں۔۔۔

وہ تمہیں ملے یا نہ ملے اس بات کی پرواہ مت کرو بس یہ سوچو تمہیں اس کے لیے کرنا کیا

ہے "

سبکتگین غور سے محمد علی کے چہرے کو دیکھنے لگا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عشق کی ابتداء آسماں

عشق کی انتہا آسماں

زمیں کے مکینوں کو بھی

عشق کرنے کی پاداش میں

عشق اٹھالے گیا آسماں

پہلے عشق کرایا جائے گا

پھر عشق انتہا جائے گا

پھر عشق رلا جائے گا

پھر عشق ہنسا جائے گا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یہ ہے عشق کی داستان

عشق اٹھالے گیا آسماں



سعدیہ نے صفوفہ سے رقیہ کا تعارف کرایا اور بتایا کہ رقیہ بہت دور سے ان سے ملنے آئی ہیں اور اپنے بیٹے کے لیے دعا کرانا چاہتی ہیں۔۔۔

اس کا یہ حال کیسے ہوا؟"۔"

صفوفہ نے اپنے سامنے بیٹھی رقیہ سے پوچھا

" محبت نے مارا مجھے "

رقیہ کا بیٹا جو کہ رقیہ کے ساتھ ہی بیٹھا تھا ہنستے ہوئے بولا اور پھر زار و قطار رونے لگا

صفوفہ نے نقاب کر رکھا تھا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

رقیہ کا بیٹا بار بار سعدیہ کو دیکھتا اور اسے اپنی طرف متوجہ کرنے کی کوشش کرتا وہ اسے کچھ بتانا چاہ رہا تھا مگر سعدیہ سمجھ نہیں پا رہی تھی۔۔

یہ کیا کہہ رہا ہے؟"۔صفوفہ نے پوچھا"

" جب سے یہ لوٹا ہے نا یو نہی بولتا رہتا ہے محبت نے مارا مجھے بھی اور کوے کو بھی"

رقیہ نے تفصیل بتائی اور سارا واقعہ بھی سنایا

میں اللہ سے دعا کروں گی کہ اس کو ٹھیک کر دیں ورنہ محبت کے مارے ہوئے لوگوں کا"

" کوئی علاج نہیں ہوتا

صفوفہ نے کہا اس کی آنکھوں میں نمی آگئی تھی۔۔۔

سعدیہ نے جونہی صفوفہ کی بات سنی اسے اپنی دوست سحرش یاد آنے لگی۔۔۔

اس کی آنکھوں سے بھی آنسو نکلنے لگے

تھوڑی دیر کمرے میں خاموشی رہی پھر صفوفہ نے خاموشی توڑی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" تم لوگ ہمارے مہمان ہو۔۔ہمارے ہاں رک جاؤ"

صفوفہ نے کہااور آٹھ کر چلی گئی۔۔۔

سعدیہ رقیہ اوراس کے بیٹے کودوسرے کمرے میں لے گئی

💖💖💖💖💖💖💖

سعدیہ کمرے میں اکیلی بیٹھی تھی اور کھڑکی سے آتی شفق کو دیکھ رہی تھی۔شام ہو چکی تھی ۔۔۔اس نے شفق کو ہاتھ میں پکڑنا چاہا مگر روشنی کو تھاما تھوڑی جاسکتا ہے وہ صرف دکھائی دیتی ہے مگر تھامی نہیں جاسکتی

میری دوست سحرش میری پیاری سہیلی بھی شفق بن گئی ہے نہ جانے کہاں کھو گئی ہے"

" ہاتھوں سے نکل گئی میری سہیلی

وہ رونے لگی

اچانک کمرے کادروازہ کھٹکاتو وہ باہر نکلی۔۔۔

باہر رقیہ کابیٹا کھڑا تھا۔۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

" مجھے دیکھو"

اس نے سعدیہ سے کہا تو سعدیہ اسے دیکھنے لگی

نہ چاہتے ہوئے بھی وہ مکمل تفکر اور غور سے اس کے چہرے کا مشاہدہ کرنے لگی

💖💖💖💖💖💖💖

شام کا اندھیرا چھانے لگا تھا۔۔۔ جنگلی جانوروں کی خوفناک آوازیں اب واضح سنائی دینے لگی تھیں۔۔ کبھی شیر گرجتا ہوا سنائی دیتا تو کبھی شیر کے پنجوں کی زد میں آئی ہرنی کی چیخ سنائی دیتی۔۔۔

اس سب سے انجان سبکتگین گھوڑے پر سوار اپنی منزل کو رواں تھا

اب اندھیرا چھا چکا تھا

تاریکی نے ہر چیز کو اپنی لپیٹ میں لے لیا تھا

جنگل کی حالت بہت خوفناک ہو گئی تھی

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سبکتگین کو بھوک محسوس ہوئی تو اس نے گھوڑا ایک درخت سے باندھ دیا اور لکڑیاں اکٹھی کر کے آگ جلانے لگا تا کہ روشنی ہو

آگ بڑی عجیب چیز ہے روشنی اور حرارت سے کتنا فائدہ دیتی ہے بھڑک اٹھے تو جنگل کے جنگل جلا دیتی ہے

سردی ہو گئی تھی۔۔۔

سبکتگین آگ سینکنے لگا اور ساتھ ساتھ آلو بھون کر کھانے لگا اور سامنے بھڑکتی آگ کو دیکھنے لگا

پھر اس نے اپنی پشت پر لٹکا نقشہ نکالا اور آگ کی روشنی میں نقشہ دیکھنے لگا

"اگر میں کل سویرے یہاں سے نکلوں تو کل رات سے پہلے انشاءاللہ اپنی منزل پالوں گا"

"

اس نے نقشے پر کچھ مقامات پر انگلی رکھتے ہوئے کہا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پھر اس نے نقشہ واپس رکھنے کے لیے سر اٹھایا تو سامنے آگ کے دوسری طرف اسے دو سرخ خونخوار آنکھیں دکھائی دیں۔۔

شام کا اندھیرا چھانے لگا تھا۔۔ جنگلی جانوروں کی خوفناک آوازیں اب واضح سنائی دینے لگی تھیں۔۔ کبھی شیر گرجتا ہوا سنائی دیتا تو کبھی شیر کے پنجوں کی زد میں آئی ہرنی کی چیخ سنائی دیتی۔۔۔

اس سب سے انجان سبکتگین گھوڑے پر سوار اپنی منزل کو رواں تھا

اب اندھیرا چھا چکا تھا

تاریکی نے ہر چیز کو اپنی لپیٹ میں لے لیا تھا

جنگل کی حالت بہت خوفناک ہو گئی تھی

سبکتگین کو بھوک محسوس ہوئی تو اس نے گھوڑا ایک درخت سے باندھ دیا اور لکڑیاں اکٹھی کر کے آگ جلانے لگا تا کہ روشنی ہو

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آگ بڑی عجیب چیز ہے روشنی اور حرارت سے کتنا فائدہ دیتی ہے بھڑک اٹھے تو جنگل کے جنگل جلا دیتی ہے

سردی ہو گئی تھی۔۔۔

سبکتگین آگ سینکنے لگا اور ساتھ ساتھ آلو بھون کر کھانے لگا اور سامنے بھڑکتی آگ کو دیکھنے لگا

پھر اس نے اپنی پشت پر لٹکا نقشہ نکالا اور آگ کی روشنی میں نقشہ دیکھنے لگا

اگر میں کل سویرے یہاں سے نکلوں تو کل رات سے پہلے انشاءاللہ اپنی منزل پالوں گا"

"

اس نے نقشے پر کچھ مقامات پر انگلی رکھتے ہوئے کہا

پھر اس نے نقشہ واپس رکھنے کے لیے سر اٹھایا تو سامنے آگ کے دوسری طرف اسے دو سرخ خونخوار آنکھیں دکھائی دیں۔۔

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اس نے غور سے دیکھا تو بھڑکتی آگ کی روشنی میں اسے اپنے سامنے آگ کی دوسری طرف ایک شیر دکھائی دیا۔۔۔جو شاید آگ کو دیکھ کر ادھر آیا تھا۔۔۔اپنے سامنے شیر کو دیکھ کر سبکتگین ایک بار سہم گیا۔۔۔لیکن اس نے اپنے ہواس قابو پالیا۔۔۔

اس نے ایک لکڑی کو جلا کر مشعل بنایا اور دور سے اپنی طرف آتے شیر کی طرف وہ مشعل پھینک ڈالی

فضا میں اڑتی آگ اپنی طرف آتی دیکھ شیر دوڑ نکلا۔۔جنگلی جانور آگ سے ڈرتے ہیں صرف جنگلی جانور ہی نہیں ہر ذی روح آگ سے ڈرتی ہے۔۔۔آگ کا خوف ہی تو انسان کو انسان بناتا ہے۔۔۔ظلم کا اختتام اور مظلوم کی امداد کراتا ہے۔۔۔

" یااللہ تیرا شکر ہے"

اپنے پھولے ہوئے سانس بحال کرتے ہوئے سبکتگین نے اللہ کا شکر ادا کیا۔۔۔شیر جا چکا تھا۔پھر اس نے مشک نکالی اور پانی پینے لگا



Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

رات کو سونے کے لیے سعدیہ جب لیٹی تو بدستور بار بار رقیہ کے بیٹے کا چہرہ اس کی آنکھوں کے سامنے آرہا تھا

" بیچارا"

اس نے ترس کھاتے ہوئے کہا

صفوفہ کے گھر میں کافی کمرے تھے۔۔سعدیہ الگ کمرے میں تھی تو رقیہ اپنے بیٹے کے ساتھ الگ کمرے میں جبکہ صفوفہ اپنے الگ کمرے میں۔۔۔۔ صبح سعدیہ اپنی خالہ کے ساتھ جانے والی تھی۔۔۔۔رقیہ نے صفوفہ کے ہاں زیادہ دیر رکنا بہتر نہیں سمجھا تھا۔۔۔ رقیہ کے کہنے پر سعدیہ بھی رقیہ کے ساتھ جانے کے لیے تیار ہو گئی اور ویسے بھی وہ رقیہ کے ہاں ہی جانے والی تھی۔۔۔

ویسے کتنا مجبور اور لاچار ہو گا اوریا"۔"

سعدیہ خود سے باتیں کر رہی تھی

"کیا زندگی ہے اس کی عجیب ترین اور مجبور ترین۔۔۔"

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سعدیہ کے دل میں اور یا کو لے کر طرح طرح کے خیال آرہے تھے پھر نہ جانے کب سوچتے سوچتے وہ نیند کی وادی میں چلی گئی



شیر کے جانے کے بعد سبکتگین تھوڑا مطمئن ہو گیا تھا۔۔ تھوڑی دیر آرام کرنے بعد وہ تاروں کو دیکھنے لگا

سیاہ آسمان پر چمکتے تارے بہت خوبصورت لگ رہے تھے۔۔

تارے بھی کتنے اچھے ہوتے ہیں ہر وقت ہر لمحہ رات میں ہمیں دیکھتے رہتے ہیں۔۔ جیسے " یہ ہم سے پیار کرتے ہیں۔۔۔اور ہمیں دیکھے بنا جی نہیں سکتے۔۔

جیسے میں۔۔۔

" اس کے بنا نہیں جی سکتا

وہ تاروں کی زمین پر آتی روشنی کو غور سے دیکھ رہا تھا

اچانک اسے لگا تاروں کی روشنی بڑھنے لگی ہے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور پھر اسے محسوس ہوا روشنی اڈاڈ کر فلک سے زمین پر آ رہی ہے اور پھر یک دم چندھیا دینے والی روشنی کا ایک بھنور اس کی آنکھوں سے ٹکرایا

اس کے سامنے تاروں کی زمین پر آتی ہوئی روشنی میں شہزادی دل ربا کھڑی اسے دیکھ کر مسکرا رہی تھی۔۔۔۔

دل ربا کو دیکھ کر وہ حیران ہو گیا اور پھر مسکراتے ہوئے دل ربا کی طرف دوڑا

" آپ یہاں میرے پاس"

وہ لمبے لمبے سانس لیتے ہوئے بولا

شہزادی دل ربا نے کوئی جواب نہ دیا بس وہ تاروں کی روشنی میں کھڑی سبکتگین کو دیکھتی مسکرا رہی تھی

"آپ یہاں کیسے آئیں؟؟"

سبکتگین نے مارے حیرت کے کہا

اس بار بھی جواب میں سوائے مسکان جے کچھ نہ ملا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Silsila E Ishq | By Salman (Season 2)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور محبوب کی مسکان میں سبکتگین گم ہونے لگا

"کیا آپ بھی مجھ سے پیار کرتی ہیں؟؟"

اس بار بھی کوئی جواب نہ ملا سوائے مسکان کے تو سبکتگین نے اپنا ہاتھ شہزادی دل ربا کی طرف بڑھایا لیکن جونہی اس کا ہاتھ دل ربا کے پاس پہنچا وہاں کچھ بھی نہیں تھا سوائے تاروں سے آتی ہوئی دھیمی سی روشنی کے

عشق کی ابتداء آسماں

